قانونِ مباشرت

جسیم بکڈپو، اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

قانونِ مباشرت

SEX GUIDE

جنسیات پر ایک معلوماتی کتاب

حکیم ولی الرحمٰن ناصر (گولڈ میڈلسٹ)

ماہرِ جنسیات

جسیم بُک ڈپو

اُردو بازار جامع مسجد دہلی ۶

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

ترتیب

پیش لفظ	۵
طبِ نبویؐ سے اقتباسات	۸
جنس کے لحاظ سے مرد کی اقسام	۱۷
جنسی لحاظ سے عورت کی چار اقسام	۲۲
عورت کا جذبۂ شہوانی کیسے بیدار کیا جائے	۳۱
ایامِ حیض میں مجامعت کے اثرات	۳۵
حیض کے مستقبل پر اثرات	۳۹
دنوں کے مطابق حیض کے اثرات	۴۱
مہینوں کے مطابق حیض کے اثرات	۴۳
وقت کے مطابق حیض کے اثرات	۴۴
عورت بھی نامرد ہوتی ہے	۴۵
اغلام باز عورتیں	۴۹
عورتوں میں خودلذتی اور جنسی ملاپ	۵۲
کنوارپن سے متعلق غلط فہمیاں	۵۵

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

- کیا عورت کو احتلام اور انزال ہوتا ہے ؟ ۵۹
- عورت کے حساس مقامات ۶۴
- تعلیم یافتہ عورتوں سے ملاپ کیسے کیا جائے ۶۸
- عورت سے متعلق جنسی معلومات ۷۳
- حسین عورت ایسی ہونی چاہیے ۷۶
- اعضاء انسانی کے متعلق معلومات ۷۸
- آپ مُشت زنی کرتے ہیں ۸۵
- عورتیں بھی جلق لگاتی ہیں ۹۰
- مردانہ کمزوری اور نامردی پریشان کن مرض نہیں ۹۴
- سُرعتِ انزال تباہ کن مرض ہے ۱۰۰
- مجامعت کس طرح کرنی چاہیے ۱۰۴
- عورت کتنی دیر مرد کے بغیر رہ سکتی ہے ۱۰۸
- کن حالتوں میں مجامعت نہ کریں ۱۱۴
- مرد کیوں اِدھر اُدھر مُنہ مارتا ہے ۱۱۵
- عورت کیوں باغی ہوتی ہے ۔ ۱۱۸

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

پیش لفظ

ایک طبیب اور ادیب ہونے کے ناطے سے میرا یہ انسانی اور اخلاقی فرض ہے کہ میں ان مسائل پر قلم اُٹھاؤں جو دن بدن ناسور کی طرح پھیلتے جا رہے ہیں۔ میرا تعلق چونکہ ایک پڑھے لکھے طبیب گھرانے سے ہے اور میرے والد پروفیسر حکیم عبداللہ خان نصرؔ (مرحوم) علی گڑھ یونیورسٹی میں بیس سال تک تدریس کے شعبے سے منسلک رہے اور زندگی میں لاکھوں، مریضوں کا علاج کیا۔ اُنہی کی یہ نصیحت تھی کہ "بیٹے اب طبیب بنے ہو تو خدمتِ انسانیت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنا"۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ والد صاحب کی دعاؤں کا اثر ہے کہ مجھ جیسے گنہگار سے لوگ فیض یاب ہوتے ہیں۔ میں نے بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں، لیکن جنسیات پر جب بھی کوئی کتاب شروع کرتا ہوں تو اس بات کا شدت سے احساس رہتا ہے کہ بہت سی ایسی باتیں جو مجھے کھل کر اس کتاب میں لکھنی چاہیے تھیں وہ میں نہیں لکھ سکا۔ اگر لکھی بھی تو گول مول کر کے۔ ایسا اس لیے ہوتا ہے کہ ہمارے ہاں مسئلہ کی تہہ تک پہنچنے کا دستور اور رواج نہیں بس شور مچانے کے لیے یہی کافی ہے کہ فلاں شخص نے جنسیات پر کتاب لکھی ہے۔ چونکہ کتاب جنسیات پر لکھی گئی ہے اس لیے لازمی فحش ہو گی۔ اس لیے کتاب پر پابندی لگا دی جاتی

طبِ نبویؐ

سے اقتباسات

گوشت کے فوائد

ابو نعیم نے عبداللہ بن جعفرؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ پشت کا گوشت تمام گوشتوں سے بہتر ہوتا ہے۔

آج کی طب نے اس حقیقت کو تسلیم کر لیا ہے کہ اس گوشت میں قوتِ باہ زیادہ ہوتی ہے اور دوسرے گوشت کی بہ نسبت زود ہضم ہوتا ہے۔ سینہ میں طاقت پیدا کرتا ہے، اور جسم کی دردوں کے لیے خاص طور پر بہت مفید ہے۔

کتاب الطب میں ابو نعیم نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ گوشت تمام سالنوں کا سردار ہے۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ اے لوگو! گوشت کو اختیار کرو، اور گوشت خوب کھایا کرو، کیونکہ گوشت کھانے سے خلق اچھا رہتا ہے گوشت رنگ کو صاف اور چہرے پر چمک پیدا کرتا ہے۔ پیٹ کو بڑھنے نہیں دیتا۔ یعنی زیادہ گوشت کھانے والے کی توند نہیں نکلتی۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

حضرت علیؓ نے فرمایا کہ جو شخص چالیس دن تک گوشت نہ کھائے اس کا حلق بڑا ہو جاتا ہے۔ کتاب الطب میں حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کہ گوشت کھاتے وقت دل کو فرحت ہوتی ہے۔

ابو نعیم نے لکھا ہے کہ ایک بار رسولِ خدا نے اللہ تعالیٰ سے بدن کے ضعف کی شکایت کی۔ جواب ملا کہ شِیر میں گوشت پکا کر کھایا کرو۔

قوتِ باہ کا نسخہ

ابو نعیم نے کتاب الطب میں لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کو مکھن کے ساتھ بہت عزیز رکھتے تھے، اور بہت خوش ہو کر کھاتے تھے۔ طبی نقطہ نظر سے ان دونوں چیزوں کے کھانے سے قوتِ باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ بدن میں فرحت اور تازگی آجاتی ہے۔ آواز صاف ہو جاتی ہے۔ دُبلے جسم اگر مسلسل استعمال کریں تو فربہی آجاتی ہے۔ کھجور اور شہد کے استعمال سے پسلی کے درد کو بھی افاقہ ہوتا ہے۔ ان کے استعمال سے اعصاب مضبوط اور وزن بڑھ جاتا ہے۔ نیز یہ قوتِ باہ کا گھریلو آسان اور مفید ٹوٹکہ ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

کثرتِ اولاد کی تلقین

ابو داؤد ونسائی میں معقل بن یسارؓ سے مرفوعاً روایت ہے۔
" حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایسی عورتوں سے نکاح کرو جو اپنے شوہروں سے محبت اور زیادہ بچے پیدا کرنے والی ہوں کیونکہ میں تمہاری کثرت کی وجہ سے دوسری امتوں پر فخر کروں گا"۔

صحیح بخاری میں حضرت عبادہؓ سے روایت ہے کہ:۔
" حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ میں عورتوں سے نکاح کرتا ہوں اور جو شخص میرے طریقے سے انکار کرے، وہ ہم میں سے نہیں"۔

ایک اور جگہ صحیح بخاری ومسلم میں حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ:۔
اے نوجوانوں کے گروہ! تم میں سے جو شخص نکاح کی طاقت رکھتے اس کو نکاح کرنا چاہیے۔ اس لیے کہ نکاح آنکھ کو ڈھانکنے والا، اور شرم گاہ کو روکنے والا ہے۔ اور جو نکاح کی طاقت نہ رکھے اس کو روزہ رکھنا چاہیے۔ اس لیے کہ روزہ گویا خصی کر دیتا ہے۔

نئی دلہن کے لئے دعا

یہ روایت ابو داؤد اور دوسری کتب میں عمر بن سیف سے نقل کی گئی ہے۔ کہ جب نئی دلہن گھر میں آئے تو اس کا ہاتھ پکڑ کر یہ

دعا کریں۔

"اے اللہ تعالیٰ میں اس کی بہتری اور اس کے عیوب کی بہتری کا سوال کرتا ہوں اور اس کی بُرائی اور اس کے عیوب کی بُرائی سے پناہ چاہتا ہوں۔"

اس دعا کی برکت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عورت کی بُرائی دُور کر دے گا اور اس گھر میں اس عورت کی نیکی پھیلے گی۔

شرعۃ الاسلام میں یہ روایت درج ہے کہ مسنون طریقہ یہ ہے کہ جب دلہن کو گھر میں لا دے تو اس کے دونوں پاؤں دھو کر پانی گھر کے کونوں میں چھڑک دے۔ اس سے اللہ تعالیٰ گھر میں خیر و برکت عطا فرمائے گا۔

صحبت کے وقت دعا

جب بھی بیوی سے صحبت کا ارادہ ہو تو یہ دعا پڑھنی چاہیے۔ اس سے اولاد نیک بخت ہوتی ہے اور شیطان بھی دور رہتا ہے۔

"شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے۔ اے اللہ ہم کو شیطان سے دُور رکھ اور جو نعمت ہم کو تُو نے دی ہے اس سے شیطان کو دور رکھ۔"

جماع کا صحیح وقت

ہمارے ہاں جنسی بے راہروی عام ہے، لیکن بہت سے لوگوں کو شادی کے بعد بھی اس بات کا علم نہیں ہوتا کہ صحبت کا صحیح طریقہ کیا ہے اور کیسے

کی جائے اور اس کے لیے موزوں وقت کون سا ہے ۔ یہاں بھی طبِ نبویؐ ہماری رہنمائی کرتی ہے ۔

فقیہ ابو اللیث نے اپنی کتاب بستان میں لکھا ہے کہ جماع کے لیے سب سے بہتر وقت آخری شب کا ہے۔ اس میں حکمت یہ بتائی گئی ہے کہ اول شب معدہ میں غذا ہوتی ہے، اور اس وقت جماع کرنے سے بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہو سکتی ہیں ۔ کھانے کے بعد نیند کا غلبہ بھی رہتا ہے۔ آخری شب کے وقت غذا بھی ہضم ہو جاتی ہے اور نیند کا غلبہ بھی ختم ہو چکا ہوتا ہے۔ صحبت کے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ منہ قبلہ کی طرف نہ ہو۔

صحبت کے آداب

جدید تہذیب نے پوری نوجوان نسل کو ننگا کر دیا ہے۔ ہمارے ہاں اکثر جوڑے پورے کپڑے اتار کر جماع کرتے ہیں ۔ ان کا کہنا ہے کہ اس سے لذت میں دو چند اضافہ ہو جاتا ہے ۔ اور جماع کے وقت کپڑوں کی رکاوٹ نہیں ہوتی۔ لیکن فقیہ ابو اللیث نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ مرد و عورت کو چاہیے کہ صحبت کے وقت بالکل ننگے نہ ہوں ، بلکہ چادر وغیرہ اوڑھے رہیں ۔ کیونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وحشی جانوروں کی طرح ننگے نہ ہوں ، کیونکہ ننگے ہو کر صحبت کرنے سے اولاد بے حیا پیدا ہوتی ہے ۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ :-

"ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ اس نے شکایت کی کہ میں شادی شدہ ہوں اور میرے گھر اولاد پیدا نہیں ہوتی۔ آپؐ نے فرمایا کہ تو انڈے کھایا کر۔"

اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ انڈہ جراثیموں کو طاقت دیتا ہے۔ اور مرد میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے۔ اس لیے ایسے مایوس مریض جو علاج کرا کرا کے تھک چکے ہوں، ان کے لیے یہ حدیث مینارۂ نور کی حیثیت رکھتی ہے۔ ایسے مریضوں کو باقاعدگی سے انڈے کھانے چاہییں۔

صحبت کے وقت باتیں نہ کریں

ہر شخص کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ صحبت اہتمام سے کرے۔ یکسوئی۔ خاموشی اور صحت کی حالت میں کرے۔ بعض خواتین و حضرات کو صحبت کے دوران بھی باتیں کرتے رہنے کا شوق ہوتا ہے۔ اس طرح نہ جماع پورے طور پر ہوتا ہے اور نہ ہی فریقین کی تسلی ہوتی ہے۔ اس لیے ہمیشہ اس فارمولے پر عمل کرنا چاہیے کہ جماع کے وقت کوئی بات نہ کی جائے۔ فقیہ ابواللیث نے اپنی کتاب بستان میں لکھا ہے کہ :-

صحبت کے وقت باتیں نہ کی جائیں کیونکہ اندیشہ ہوتا ہے کہ لڑکا گونگا نہ پیدا ہو۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اسی طرح اگر کسی شخص کو احتلام ہو گیا ہو اور وہ اسی حالت میں بیوی سے مجامعت کرے تو یہ اندیشہ ہے کہ لڑکا پاگل، دیوانہ یا بخیل پیدا ہو گا۔ اس لیے ایسی باتوں کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہیے۔

نصف مہینہ میں صحبت نہ کریں

ابونعیم نے کتاب الطب میں لکھا ہے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا کہ:-

"اے علیؓ! آدھے مہینہ میں اپنی بیوی سے صحبت نہ کیا کرو، کیونکہ اس تاریخ میں شیطان آیا کرتے ہیں۔

صحبت کے بعد پیشاب کرنا

اکثر اطباء بھی اپنے مریضوں کو یہ ہدایت کرتے ہیں کہ صحبت کے بعد پیشاب ضرور کرنا چاہیے کیونکہ اس سے بہت سی بیماریوں کا تدارک ہو جاتا ہے۔ اطباء نے یہ روشنی بھی طب نبویؐ سے حاصل کی چنانچہ صاحب شرعۃ الاسلام نے لکھا ہے کہ صحبت سے فراغت پانے کے بعد پیشاب کر لینا چاہیے ورنہ کسی لاعلاج مرض میں گرفتار ہو جانے کا۔ اسی طرح ایک جگہ لکھا ہے کہ کھڑے ہو کر صحبت کرنے سے بدن ضعیف و کمزور ہو جاتا ہے۔ پیٹ بھرا ہونے پر مجامعت نہیں کرنی چاہیے۔ اس سے اولاد کند ذہن پیدا ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

قوّت باہ کے لیے ہرلیسہ

حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام سے اپنی قوتِ باہ کی شکایت فرمائی. جبرائیل نے کہا کہ آپ ہرلیسہ تناول فرمایا کریں کیونکہ اس میں چالیس مردوں کی قوّت ہے. حضرت انس ابن مالک رضؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ تم حنا کا خضاب کیا کرو کیونکہ حنا قوتِ باہ پیدا کرتی ہے، اور حضرت ہزیل بن الحکم رضؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بدن سے بالوں کا جلد دور کرنا قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے.

مجامعت کے بعد عضو کا دھونا

فقیہ ابواللیث نے لکھا ہے کہ جماع کے بعد عضو کو دھولینا چاہیے اس سے بدن تندرست رہتا ہے. لیکن اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ پانی بہت ٹھنڈا نہ ہو کیونکہ اس طرح بخار ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے.

صحبت کے وقت عورت کی شرمگاہ دیکھنا

صاحب شرعیۃ الاسلام نے لکھا ہے کہ صحبت کے وقت عورت کی شرم گاہ کو نہ دیکھے کیونکہ اس سے یہ اندیشہ ہے کہ کہیں اولاد اندھی پیدا نہ ہو.

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

قربت سے پرہیز

جامعہ کبیر میں حضرت اُم سلمہؓ سے روایت ہے کہ جب کسی بی بی کی آنکھ دکھنے آئی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے قربت نہ فرماتے تھے۔ جب تک تندرست نہ ہو جائے۔

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ مرض کی حالت میں قربت کرنا مرض کو بڑھاتا ہے۔ آنکھ دکھنے میں تو خاص طور پر خیال رکھنا چاہیئے۔

صحت کا راز

ابو اللیث نے اپنی بستان میں لکھا ہے کہ حضرت علیؓ نے فرمایا: مدکہ جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کی صحت و تندرستی زیادہ عرصہ تک قائم رہے تو اس کو چاہیئے کہ صبح اور رات کو کھانا کھایا کرے، قرض سے سُبک دوش رہے۔ ننگے پاؤں نہ پھرا کرے اور عورت سے قربت کم کیا کرے۔ زندگی گزارنے کے یہ سنہری اصول ہیں۔

چقندر ناطاقتی دور کرتا ہے

ترمذی وغیرہ میں اُم منذر سے روایت ہے کہ ایک دفعہ آپ کے سامنے چقندر پیش کئے گئے تو آپ نے حضرت علیؓ سے فرمایا کہ یہ کھاؤ، کہ تمہارے لیے مفید ہے اور تمہاری ناطاقتی دور کر دے گا۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

جنس کے لحاظ سے مرد کی اقسام

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ مخلوقِ خدا کی خدمت کرنا عین ثواب ہے۔ ہر دور میں مخلوقِ خدا کی خدمت میں حکماء اور وید حضرات کا نام سر فہرست رہا ہے۔ انہوں نے دکھی اور بیمار لوگوں کی خدمت کیلئے ان کے پیشاب تک چکھے۔ اُن کی محنتوں کا نتیجہ ہے کہ آج ہر بیماری کا معقول علاج موجود ہے اور حضرتِ انسان حکماء کے بتائے ہوئے اصولوں پر زندگی گزارے تو بیماری سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ کسے اپنی جان پیاری نہیں ہوتی اور یہ مقولہ تو آپ نے سنا ہوگا کہ "جان ہے تو جہان ہے" اسی پر دنیا کا دارومدار ہے۔ جان صرف انسان اور حیوان میں ہی نہیں، بلکہ درختوں میں بھی ہے۔ سب اس کی حفاظت کرنے پر مجبور ہیں، بلکہ اپنی جان کی خاطر دوسروں کی جانوں کو قربان کر دیتے ہیں۔ درخت مٹی کو حیوان درخت کو اور انسان سب کو کھا جاتا ہے۔ گویا فنا کے خلاف جہاد اور بقاء کیلئے جدوجہد ہر جاندار کا اہم مقصد ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے سب کچھ جائز ہے۔ اس جہاد اور جدو کا نام کشمکشِ حیات ہے۔ مگر اس تمام کوشش اور کشمکش کے باوجود ہر جاندار فنا سے دوچار ہوتا ہے، بلکہ ہر چیز فانی ہے جاندار جب یہ تغیر و انقلاب دیکھتا ہے تو اس کے خلاف جنگ کرتا ہے

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اس جنگ میں براہِ راست کامیاب نہیں ہوتا تو کامیابی کی ایک اور راہ نکال لیتا ہے۔ اپنی نسل کے ذریعے زندہ رہنا چاہتا ہے۔ اولاد پیدا کرتا ہے کہ دنیا میں اس کا نشان اور نام زندہ رہے۔ نام کو زندہ رکھنے کے لیے وہ شادی کرتا ہے۔ انسان جو اشرف المخلوقات ہے۔ عشق و محبت کو اس کا ذریعہ بناتا ہے۔ چنانچہ جب بچہّ بڑا ہو کر جوان ہوتا ہے تو اس کے اندر ایک طوفانی طاقت ٹھاٹھیں مارنا شروع کر دیتی ہے۔ اس کے اندر ایک خواہش پیدا ہوتی ہے۔ ایک اُمنگ اُٹھتی ہے۔ ایک نہ دبنے والا جذبہ اور نہ رُکنے والا جوش اس کے سینے سے اُٹھتا ہے۔ وہ خود اس بات

قاصر ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ کیا ہے۔ اس وقت اسے الہام ہوتا ہے کہ اُسے ایک ساتھی کی ضرورت ہے۔ مرد عورت کی طرف اور عورت مرد کی طرف کھنچی چلی جاتی ہے۔ یہی وہ ایام ہوتے ہیں جب نوجوان راستہ بھٹک جاتے ہیں۔ انہیں اس وقت نہ مذہب کا ڈر نہ رواج کا خوف، نہ مالی رکاوٹ، نہ عزیز و اقارب کی رضامندی کے حصول کی فکر۔ اسے ہر وقت یہی احساس اور خیال رہتا ہے کہ اسے رفیقِ سفر ملنی چاہیئے۔ بہت کم لوگ ایسے گزرے ہیں جو ان ایام میں ثابت قدم رہے ہوں، ورنہ جوانی دائمی مستانی ہوتی ہے اور ہوش بھلا دیتی ہے۔

بچہّ جب بلوغت کو پہنچتا ہے تو پھر وہ تسکین کے نت نئے طریقے ایجاد کرتا ہے۔ اغلام بازی، مشت زنی اور زنا کا سہارا لے کر دن گزارتا ہے۔ اپنی اچھی خاصی زندگی کو روگ لگا لیتا ہے

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

آئندہ صفحات میں آپ ان بیماریوں کا مفصل حال پڑھیں گے۔
چونکہ یہ تمام فعل مرد انجام دیتا ہے۔ اس لیے پہلے مردوں کی قسموں پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔

ویدک کی پرانی کتابوں میں مردوں کی چار اقسام بتائی گئی ہیں۔ ان چاروں قسموں کو جانوروں سے تشبیہہ دی گئی ہے۔ آیئے ان قسموں کے متعلق جانیں کہ وہ کون سی ہیں اور ان کے خواص کیا ہیں۔

(۱) شاش

مرد کی اس قسم کو خرگوش کی قسم سے تشبیہہ دی گئی ہے۔

خواص ایسا شخص درمیانے قد کا ہوتا ہے۔ طبیعت میں کچھ حجاب اور جھجک ہوتی ہے۔ آواز دل کو اچھی لگتی ہے۔ خوبصورت، صحت مند اور صاف گو ہوتا ہے۔ اچھے لوگوں کو پسند کرتا ہے۔ فضول اور لغو گفتگو سے پرہیز کرتا ہے۔ مہمان نواز ہوتا ہے۔ اپنی بیوی سے ٹوٹ کر محبت کرتا ہے اور اسے ہی اپنی زندگی کا مقصد سمجھتا ہے۔ رات کو بھی اس کے زانو پر سر رکھ کے سونے کا عادی ہوتا ہے۔ یہ مردوں کی سب سے اعلیٰ قسم ہے۔

(۲) مرگ

مرد کی اس قسم کو ہرن سے تشبیہہ دی گئی ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

خواص

یہ فطری طور پر شریف ہوتا ہے، لیکن مزاج میں رنگینی ہوتی ہے۔ موسیقی کا دلدادہ ہوتا ہے۔ اس کا قد لمبا ہوتا ہے جسم خوبصورت سڈول اور مضبوط ہوتا ہے۔ ہر وقت ہشاش رہتا ہے۔ خوش خوراک ہوتا ہے۔ عورت کا رسیا ہوتا ہے۔ ہر روز صحبت کرنا اپنا پیدائشی حق سمجھتا ہے۔ سمجھدار اور مہمان نواز ہوتا ہے۔

(۳) برش

مرد کی اس قسم کو بیل کی قسم سے تشبیہ دی گئی ہے۔

خواص

اس کا قد لمبا اور رفتار تیز ہوتی ہے۔ رنگ بالکل سیاہ جلد موٹی اور کھردری ہوتی ہے۔ سارے عیبوں کا رسیا ہوتا ہے۔ جسم موٹا ہوتا ہے۔ ہر وقت جنسی پریشانی کا شکار رہتا ہے اور کسی دم بھی سیر نہیں ہوتا، شراب اور زنا اس کی کمزوری ہوتی ہے۔ مردوں کی یہ قسم غیر مطمئن زندگی گزارتی ہے۔

(۴) آشو

مرد کی اس قسم کو گھوڑے کی قسم سے تشبیہ دی گئی ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

خواص

یہ بیل کی طرح ڈھیلا ڈھالا لیکن مضبوط اور جفاکش ہوتا ہے اس کا اوپر کا دھڑ لمبا اور ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں اس لیے اس میں شرم و حیا کم ہوتی ہے۔ عورت اس کی کمزوری ہوتی ہے۔ عورت کے ایک اشارے پر قربان ہو جاتا ہے۔ گناہ کی زندگی گزارنے سے نہیں گھبراتا۔ رات کو کم سوتا ہے، لیکن ذہنی طور پر حافظ کا تیز اور عقلمند ہوتا ہے۔

ٹراؤٹ (مچھلی کا انڈا) قوت باہ میں اضافہ کرتا ہے۔ ایک انڈا روزانہ فرائی کرکے کھائیں۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

جنسی لحاظ سے عورت کی
چار اقسام

"وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رونق"

علامہ اقبالؒ نے یہ الہامی مصرعہ نجانے کس موڈ میں کہا تھا اور اگر اس فلسفہ کی روشنی میں دیکھا جائے تو واقعی عورت کے بغیر دنیا سونی اور ویران ہے۔ عورت کے بغیر گھر جنگل ہے۔ رشی سدھا کہتا ہے کہ:

"اس جہان میں عورت سب سے افضل و برتر ہے اور یہ دنیا عورت ہی کی وجہ سے عالم وجود میں آئی اور برقرار ہے"

عورت حسن اور رعنائی ہے۔ عورت زندگی ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ اس زندگی کا سارا نظام اس کے گرد گھومتا ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ ایک عورت دوسری سے مختلف ہے۔ اٹھنا، بیٹھنا۔ چلنا پھرنا، بول چال، عادات و اطوار اور جنسی لحاظ سے بھی مختلف ہے۔

یہاں ہم عورت کے جنسی لحاظ سے قسموں پر کچھ روشنی ڈالیں گے۔

جنسی لحاظ سے عورت کی چار قسمیں ہیں۔

۱۔ پدمنی ۲۔ چترنی ۳۔ سنکھنی ۴۔ ہستنی

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

(۱) پدمنی :- عورت کی یہ قسم سب سے اعلیٰ ہے۔ خوش گفتار، خوش کردار۔ ہرنی جیسی آنکھیں، گلابی ہونٹ، آنکھوں میں کشش اور روشنی، چہرہ کھلا ہوا، رخساروں پر سرخی، سینہ خوبصورت، دراز قامت، اخلاق و مروّت کی جیتی جاگتی تصویر۔ پاکیزہ و صاف ستھرے خیالات کی حامل اور جنسی جذبات سے دُور ہوتی ہے۔ خاوند کی وفادار اور خدمت گار ہوتی ہے۔ خوش مزاج ہونے کی وجہ سے اُداسی کو گھر میں جگہ نہیں ملتی۔ خوش لباس اور خوشبوؤں کی دلدادہ ہوتی ہے۔ ایسی عورت عشق بہت کم کرتی ہے۔ اگر عشق کرے تو یہ روگ زندگی بھر اس کے عذاب بن جاتا ہے اور مر مٹتی ہے

صفائی کا بہت خیال رکھتی ہے اور پھولوں سے محبت کرتی ہے۔ ایسی عورت دیوی سے کم درجہ نہیں رکھتی۔ جس گھر میں ہو وہاں خدا کی رحمت ہو جاتی ہے۔ جس سے بات کرے گی اس کا دل موہ لے گی۔ ایسی عورت کے جسم سے خوشبو آتی ہے۔

(۲) چترنی :- یہ عورت دوسرے نمبر پر ہے۔ یہ بھی خاوند کی تابعدار اور خدمت گار ہوتی ہے۔ بات کرنے کا انداز بہت پیارا اور دل کو موہ لینے والا ہوتا ہے۔ قدرے عشق پسند ہوتی ہے۔ موسیقی سے خاص شغف اور لگاؤ ہوتا ہے۔ تنہائی میں خود بھی گنگناتی ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

قد درمیانہ ہوتا ہے۔ خود بھی جاذب نظر اور حسین ہوتی ہے۔ خوبصورت چیزوں اور دلکش نظاروں کو پسند کرتی ہے۔ جنسی لحاظ سے معتدل ہوتی ہے، لیکن پاگل نہیں ہوتی۔ مجامعت کے لیے میاں سے راضی ہو جاتی ہے۔ خود بھی لُطف اٹھاتی ہے اور دوسرے کو بھی لطف اُٹھانے کا موقع دیتی ہے۔ ان سب باتوں کے باوجود خدا کا خوف دل میں رکھتی ہے۔ اچھے لباس کی دلدادہ ہوتی ہے۔ چٹ پٹی اور مزیدار چیزیں کھانا پسند کرتی ہے۔

(۳) **سنکھنی** :- یہ عورت کی تیسری قسم ہے۔ مردوں سے ہنس ہنس کر باتیں کرنے میں حجاب محسوس نہیں کرتی۔ مردوں سے میل ملاقات میں خوش رہتی ہے۔ البتہ اپنے خاوند کی زیادہ تابعدار اور خدمت گار نہیں ہوتی اور نہ اس سے زیادہ ڈرتی ہے۔ اس کا قد درمیانہ اور آنکھیں خوبصورت ہوتی ہیں۔ اس کا دل چاہتا ہے کہ ہر کوئی اس کی تعریف کرے۔ اونچی آواز سے باتیں کرتی اور ہنستی رہتی ہے۔ محفل میں ہنسی مذاق کی باتیں زیادہ کرے گی۔ جنسی ملاپ کے لیے بیقرار رہتی ہے بھوک اور پیاس کو برداشت نہیں کرسکتی۔ چلنے کا انداز منفرد مگر دل پکڑ لینے والا ہوتا ہے۔ عاشقوں کا حلقہ بڑھانے میں فخر محسوس کرتی ہے۔ پستان سڈول اور جسم سمارٹ ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

(۴) ہستنی :- عورت کی یہ چوتھی قسم ہے۔ ایسی عورت شراب کی رسیا ہوتی ہے۔ بد زبان، بدکردار اور بے لگام ہوتی ہے۔ مردوں کی بے عزتی کر دینے میں فخر محسوس کرتی ہے، نہ اسے اپنی عزت کا خیال ہوتا ہے اور نہ وہ دوسروں کی عزت کا خیال کرتی ہے۔ ایسی عورت کا قد یا تو بہت لمبا ہوتا ہے یا چھوٹا ہوتا ہے، لیکن گردن ہر دو حالت میں چھوٹی ہوتی ہے۔ جسم بہت بھاری یا دُبلا ہوتا ہے۔ نتھنوں کے سُوراخ بڑے۔ ہونٹ موٹے اور پستان بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ آنکھیں سُرخ اور حیا سے خالی ہوتی ہیں۔ پیٹ بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ چال میں مردانہ پن زیادہ ہوتا ہے۔ جنس کی غلام ہوتی ہے۔ ہر وقت جنسی آوارگی کا شکار رہتی ہے۔ غیر مردوں سے جنسی تسکین کے لیے ملتی رہتی ہے۔ اونچی آواز سے بولتی اور بعض اوقات گندی گالیاں بھی دیتی ہے۔ اپنی گفتگو میں جنسی اعضاء کا ذکر کرتی رہتی ہے۔ ایسی عورت بچوں سے بعض اوقات بہت محبت کرتی ہے اور بعض اوقات انہیں دیکھنا بھی پسند نہیں کرتی۔ اپنے خاوند کو غلام سے زیادہ نہیں سمجھتی۔ فیشن پرست اور بناؤ سنگھار کی شوقین ہوتی ہے۔ اگر قریب ہو کر اسے سُونگھا جائے تو جسم سے شراب کی بُو آتی ہے۔ ایسی عورت سے کسی کو بھی وفا نہیں ہو سکتی — مکّار اور عیار ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

عورتیں کیسے بستر پسند کرتی ہیں؟

گھر کا نظام چلانے کے لیے ہر مرد کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی بیوی کا خیال رکھے۔ اسے یہ بھی علم ہونا چاہیے کہ اس کی بیوی کس قسم کی ہے اور وہ کیا پسند کرتی ہے۔ اور کس حال میں خوش رہنا پسند کرتی ہے۔ ذیل میں ہم چاروں عورتوں کے بستروں کے متعلق بتائیں گے کہ وہ کیسے بستر پر سونا پسند کرتی ہیں۔

پدمنی

چونکہ یہ خود نازک مزاج اور نازک ہوتی ہے اس لیے نازک، خوشبودار اور خوبصورت چیزوں کو زیادہ پسند کرتی ہے۔ بعض اوقات بہت نرم بستر پر بھی اُسے نیند نہیں آتی اور وہ کروٹیں بدلتے رات گزار دیتی ہے۔ ایسی عورت کو اگر پھولوں کی سیج پر سلایا جائے تو وہ بہت خوش ہوتی ہے اور اس پر نیند کا غلبہ ہو جاتا ہے۔ گلاب۔ موتیا اور گُل داؤدی زیادہ پسند کرتی ہے۔ بستر پر اعلیٰ قسم کا خوشبو کا سپرے بھی ضروری ہوتا ہے۔ البتہ اگربتی کی خوشبو سے بھاگتی ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

(۲) چترنی

یہ بھی نرم و گداز بستر کو پسند کرتی ہے۔ خاص طور پر تکیہ نرم اور صاف رکھتی ہے۔ بستر پر خوشبو کو پسند کرتی ہے۔ رات کو بستر پر جانے سے پہلے کپڑے بدلنے کی عادی ہوتی ہے۔ اس لیے کسی کے گھر کم مہمان رہتی ہے۔ جہاں بھی جاتی ہے بستر کا خیال رکھتی ہے۔

(۳) سنکھنی

ایسی عورت بھی نرم اور صاف ستھرا عمدہ بستر پسند کرتی ہے۔ تکیہ ذرا اونچا رکھ کر سوتی ہے۔ زیادہ دائیں کروٹ سے سوتی ہے۔ اگر بستر مزاج کے مطابق نہ ہو تو تمام رات بے قرار رہتی ہے۔

(۴) ہستنی

ایسی عورت کو بعض اوقات خود یہ علم نہیں ہوتا کہ اسے رات کہاں آئے گی۔ اس لیے بستر کا خاص خیال نہیں رکھتی۔ جہاں رات آئی اور جیسا بستر مل گیا سو جاتی ہے۔ اسے نرم و گداز اور ملائم بستر کا خیال بھی نہیں آتا۔ اکثر یہ زمین پر بھی سو جاتی ہے۔ سونے کی بہت شوقین ہوتی ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

عورت کس طرح خوش ہوتی ہے ؟

ہر مرد کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کی بیوی اُس سے خوش رہے۔ اس کے لیے وہ خوشامد کے جدید طریقوں کو بھی آزماتا رہتا ہے ۔ لیکن اُسے ناکامی ہوتی ہے۔ جب تک مرد کو یہ پتہ نہ ہو کہ اس کی بیوی کی کونسی قسم ہے تب تک وہ اُسے خوش کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ عورت کی چاروں قسموں میں ہر ایک کی عادت اور نیچر علیحدہ ہوتی ہے ۔ آیئے ہم آپ کی رہنمائی کرتے ہیں کہ کونسی عورت کس طرح خوش ہو گی ۔ آپ اس فارمولا کو اپنی گھریلو زندگی میں آزمائیں ۔ انشاءاللہ کامیابی قدم چومے گی ۔

پدمنی

اگر آپ اس موڈ میں ہوں کہ آپ کی بیوی خوش ہو تو ایسی عورت کو پیار و محبت سے بلاؤ اور میٹھی میٹھی باتیں کرو ۔ اسے تحفہ میں زیورات اور خوشبو پیش کرو ۔ پاس بٹھا کر اس کے بال اپنے ہاتھوں سے سنوارو کپڑوں کی تعریف کرو ۔ محبت سے پاس بلا کر اپنے پہلو میں بٹھاؤ ۔ وہ بہت خوشی محسوس کرے گی ۔ ایسی عورت ہمیشہ مرد کے بائیں پہلو بیٹھتی اور لیٹتی ہے ۔ وہ شاید بائیں پہلو اس لیے بیٹھتی اور لیٹتی ہے کہ وہ خود کو مرد کا دل سمجھتی ہے یا دل جتنی قیمتی چیز ۔ کیونکہ دل بھی بائیں جانب ہوتا ہے ۔

(۲) چترنی

یہ بھی پدمنی کی طرح پیار و محبت کی باتوں سے خوش ہوتی ہے۔ اسے بھی زیورات۔ خوشبو اور پارچات عزیز ہوتے ہیں۔ محبت بھری باتوں کو بہت پسند کرتی ہے۔ اپنے خاوند کے پاس دیر تک بیٹھنے میں خوشی محسوس کرتی ہے۔ یہ بھی مرد کے بائیں پہلو بیٹھتی اور لیٹتی ہے۔ حسن کی تعریف کو بھی بہت پسند کرتی ہے۔

(۳) سنکھنی

یہ ہر وہ کام کرتی ہے جس کی وجہ سے مرد کی زیادہ سے زیادہ رغبت ہو۔ اعلیٰ سے اعلیٰ لباس پہنتی ہے۔ زیورات کی بہت شوقین ہوتی ہے ایسی عورت سے اگر فیشن اور رغبت کے موضوع پر زیادہ باتیں کی جائیں تو بہت خوش رہتی ہے۔ اس کے ذوق و شوق کی تعریف بھی ضروری ہوتی ہے۔ یہ دوسری عورتوں سے خود کو ذرا مختلف سمجھتی ہے۔ یہ مرد کے پاس ملک کر نہیں بیٹھتی۔ بیٹھے ہوئے بھی کپڑوں کا زیادہ خیال رکھتی ہے۔ یہ بھی مرد کے بائیں پہلو بیٹھتی اور لیٹتی ہے۔

(۴) ہستنی

اسے چونکہ کھانے پینے سے زیادہ رغبت ہوتی ہے۔ اس لیے ایسی

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

باتیں جن میں کھانے پینے کا ذکر ہو بہت پسند کرتی ہے۔ نشے کے ذکر سے بہت خوش ہوتی ہے۔ اگر اس کے ساتھ فحش گفتگو کی جائے تو بہت خوش ہوتی ہے یہ ہر وقت تنہائی میں مرد سے مجامعت کی خواہش رکھتی ہے اور ہر وقت بوس وکنار اور پیار و محبت کو پسند کرتی ہے۔ جنسی تسکین پر بہت خوش ہوتی ہے۔ ایسی عورت کو روپوں کا لالچ بھی خوش کر دیتا ہے۔

"میعا سائز (سفید رنگ)
مجامعت سے چند منٹ قبل
اندام نہانی میں لگا کر مشغول
ہوں۔
عورت تمام عمر تابع رہے
گی ـــــ"

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

عورت کا جذبۂ شہوانی کیسے بیدار کیا جائے

ہمارے ہاں پاکستان میں جنسی گھٹن بہت ہے۔ اسی لیے جنسی امراض بھی بہت ہیں۔ سکول کے لڑکوں سے لے کر بزرگوں تک سب ہی پریشان ہیں۔ ہر شخص جنسی تسکین کے لیے کوشاں نظر آتا ہے۔ مطب میں ایسے مریض بھی دیکھنے کا موقع ملا ہے جو یہ بھی نہیں جانتے کہ عورت کے ساتھ مجامعت کیسے کی جاتی ہے اور مجامعت سے عورت کے کن مقامات کو چھیڑا جاتا ہے جس سے اس کا جنسی جذبہ بیدار ہو۔ وہ یہ بھی نہیں جانتے کہ عورت کے ساتھ پیار و محبت کے کیا اثرات ہوتے ہیں۔ میرے پاس مطب میں ایک نوجوان آیا، جس کی دو روز قبل شادی ہوئی تھی۔ بہت پریشان اور اداس تھا۔ چہرے کا رنگ اُڑا ہوا۔ اس میں پوری بات کرنے کی ہمت نہیں تھی۔ بالآخر اس نے بتایا کہ اس کی شادی ہوئی ہے۔ دو روز سے بیوی کے پاس جاتا ہے اور کچھ کر نہیں پاتا۔ بلکہ بُری طرح ناکام ہو کر واپس آ جاتا ہے۔ اس کی وجہ اس نے یہ بتائی کہ وہ زندگی میں کسی بھی عورت کے پاس

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

نہیں گیا اور نہ ہی اُسے اس سلسلہ میں زیادہ معلومات ہیں۔ بہرحال اُسے تسلی کے ساتھ سارا معاملہ سمجھایا گیا اور اسے بتایا گیا کہ بیوی کے پاس جا کر پہلے پیار و محبت کی باتیں کرو۔ پھر بوس و کنار کرو۔ اس کے پستانوں کی ٹیپلوں کو مسلو۔ نیچے والا ہونٹ چوسو، غرض مکمل ہدایات کے ساتھ اس کو رخصت کر دیا گیا

اگلے روز وہ نوجوان آیا۔ اس کے چہرے پر مسکراہٹ اور خوشی کے پھول کھل رہے تھے۔ اس نے بتایا کہ وہ رات بہت کامیاب رہا ہے۔ اپنی بیوی کے ساتھ رات تین بار مجامعت کی ہے۔

یہ واقعہ تو ایک نوجوان اناڑی کا ہے، لیکن ہمارے ہاں نوے فیصد لوگ جنسی تعلقات کے فن سے واقف نہیں۔ وہ لوگ جو جنسی تعلقات کے فن سے پوری طرح واقف ہوں۔ ان کی زندگی بڑی خوش و خرم گزرتی ہے۔ اور جو اس فن سے واقف نہیں ہوتے ان کے گھروں میں ہمیشہ لڑائی جھگڑا رہتا ہے، اور جو اس فن سے واقف ہوں۔ انہیں صبح گھر سے بیڈ ٹی بھی مل جاتی ہے اور اچھا ناشتہ بھی۔ ایسے کامیاب میاں کا، بیوی گھر کے دروازے پر انتظار کرتی ہے۔ وہ لوگ جو جنسی نااہلی کا شکار ہوتے ہیں، وہ اس سلسلے میں اپنے کسی معالج سے مشورہ کرنا بھی گناہ سمجھتے ہیں اور اس طرح اپنی زندگی کو مزید عذابوں میں مبتلا کر لیتے ہیں۔ یہاں ہم ان لوگوں کی سہولت کے لیے ایک چارٹ بنا رہے ہیں۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

عورت ہر روز اور ہر وقت ایک ہی مقام سے برانگیختہ نہیں ہوتی بلکہ چاند کی تاریخوں کے ساتھ ساتھ جذبۂ شہوانیہ بھی خاص مقام کو چھیڑنے سے بیدار ہوتا ہے۔ اگر اس چارٹ کی روشنی میں عورت سے مجامعت کی جائے تو عورت زندگی بھر مطیع اور تابعدار رہتی ہے۔ وہ جنسی تسکین سے بہت لطف اندوز ہوتی ہے۔ جنسی ملاپ کی متمنی رہتی ہے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ عورت صرف پستانوں یا نیچے والے لب یا زبان چوسنے یا رانوں پر ہاتھ پھیرنے سے گرم ہوتی ہے۔ عورت کے جسم کے ہر حصّہ میں گرمی ہوتی ہے۔ ہر حصّہ سے وہی کام لے سکتا ہے جس کو اس کا علم ہو۔ آیئے ایک نظر چارٹ پر ڈالیں۔

بائیں طرف		دائیں طرف	
تاریخ	مقام	تاریخ	مقام
۱	پاؤں کا انگوٹھا	۶	کمر
۲	کف پا	۷	شرم گاہ
۳	ساق سیمیں	۸	ناف
۴	گھٹنے کے نیچے	۲۱	لب
۹	پستان	۱۰	گردن
۵	ران	۱۱	لب
۱۰	گردن	۲۲	پستان
۱۱	لب	۲۳	ناف

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

۱۲	رخسار	۲۴	شرم گاہ
۱۳	کان کے نیچے	۲۵	کمر
۱۴	پیشانی	۲۶	ران
۱۵	سر	۲۷	گھٹنے کے نیچے
۱۶	سر	۲۸	ساق
۱۷	پیشانی	۲۹	کف پا
۱۸	کان کے نیچے	۳۰	انگوٹھا
۱۹	رخسار		
۲۰	دہن ولب		

اگر چاند کی ان تاریخوں میں عورت کے ان مقامات کو دائیں طرف اور بائیں طرف کا لحاظ رکھتے ہوئے پیار کیا جائے اور ان مقامات کو ہلکے ہاتھ سے مسلا جائے تو عورت فوراً بے قابو ہو جائے گی۔

ایسی حالت میں وہ ملاپ سے پورے طور پر لطف اندوز ہوتی ہے اور مرد کو بھی مزے دیتی ہے۔ خود بھی انزال ہوتی ہے اور مرد کو بھی پورے پیار سے انزال کراتی ہے۔

اگر آپ اس چارٹ کی روشنی میں عورت کے مخصوص مقام کو چھیڑیں گے تو آپ کو پتہ چل جائے گا کہ وہ کتنی جلدی بے قابو ہو جاتی ہے۔ لمبے لمبے اور اکھڑے اکھڑے سانس لینا شروع کر دیتی ہے اور یہی وہ وقت ہوتا ہے جب مرد اپنی پوری مردانگی سے مجامعت کرتا ہے۔ خود بھی سیر ہو جاتا ہے اور بیوی کی بھی تسلی ہو جاتی ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

ایام حیض میں مجامعت کے اثرات

مطب میں اکثر مریض آ کر یہ سوال کرتے ہیں کہ کیا حیض کے دنوں میں مجامعت کرنی چاہیے ؟ اگر ایسا کریں گے تو اس کے کیا نقصانات ہیں ؟ یہ اور اس سے ملتے جلتے سوال کئی مریضوں کے لیے وجۂ پریشانی بنے ہوتے ہیں ۔

حکماء قدیم کا خیال تھا کہ حیض والی عورت کو ملنے سے سوزاک ہو جاتا ہے ۔ پیشاب جل کر آنا شروع ہو جاتا ہے ۔ لیکن جدید سائنس اور حکماء کا ایک طبقہ اس بات پر متفق ہو گیا ہے کہ حیض والی عورت سے مجامعت کرنے میں کوئی نقصان نہیں بلکہ دوران حیض مجامعت کرنے سے بھی حمل قرار پا سکتا ہے ۔ اگر دوران حیض حمل قرار پا جائے تو اولاد پر اس کے کیا اثرات ہوں گے ۔ وہ ہم ذیل میں درج کر رہے ہیں :-

وید حضرات کے نزدیک حیض کی پہلی تین راتوں میں جماع نہیں کرنا چاہیے ۔ پہلی رات صحبت کرنے سے مرد کی عمر کم ہو جاتی ہے اور اور حمل قرار پا جائے تو بچہ پیدا ہوتے ہی مر جاتا ہے ۔ دوسرے دن صحبت کرنے سے اگر حمل قرار پا جائے تو اس کے نتیجے میں جو بچہ

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

پیدا ہوگا یا تو فوراً مرجائے گا یا دو ہفتے کے اندر اندر چل بسے گا۔ تیسری رات مجامعت کرنے سے اگر حمل قرار پا جائے تو بچہ ٹیڑھا میڑھا اور بدصورت پیدا ہوگا۔ یہ بچہ بھی جلد مر جائے گا۔ چوتھی رات اگر صحبت کی جائے اور حمل قرار پا جائے تو اولاد لمبی عمر والی اور خوبصورت پیدا ہوتی ہے۔ ایسے لوگ جو لڑکے کے خواہش مند ہوں اور ان کی انتہائی یہ کوشش ہو کہ لڑکے پیدا ہوں، انہیں چاہیے کہ وہ چوتھی، چھٹی، آٹھویں دسویں اور بارہویں رات کو جماع کریں۔ اگر لڑکی کی خواہش ہو تو پانچویں ساتویں، نویں اور گیارہویں رات صحبت کریں۔ وہ لوگ جو دن کے وقت بھی مجامعت کے شوقین ہوتے ہیں۔ اُن کی عمریں زیادہ لمبی اور صحت مثالی نہیں ہوتی۔ اگر دن میں حمل قرار پا جائے تو اولاد کا کریکٹر ٹھیک نہیں ہوتا۔ وہ بے شرم اور بے حیا ہوتی ہے۔ ایسی اولاد ماں باپ کے لیے رسوائی کا باعث بنتی ہے۔

اسی طرح اگر عورت کو بلوغت سے پہلے حمل قرار پا جائے تو اولاد نحیف و نزار ہوتی ہے۔ بعض اوقات زچہ بچہ دونوں مر جاتے ہیں۔

رات کے اوّل حصے میں صحبت کرنے کے نتیجہ میں جو اولاد پیدا ہوتی ہے وہ بہت جلد مر جاتی ہے۔ دوسرے حصے میں کمزور اور بدقسمت تیسرے حصے میں شرابی اور چوتھے حصے میں صالح اور فرماں بردار اولاد پیدا ہوتی ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان کر چکا ہوں کہ اگر حیض میں حمل قرار پا جائے تو اولاد کے اس پر کیا اثرات ہوں گے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

حیض کے پہلے دن سے لے کر سولہویں دن تک کا چارٹ ملاحظہ فرمائیں :

دن	اثرات
پہلا	اگر حیض کے پہلے دن صحبت کی جاتے تو مرد کی زندگی کم اور اولاد چھوٹی عمر میں مرجائے گی۔ اس لیے پرہیز ضروری ہے۔
دوسرا	دوسرے دن کے نتیجہ میں بچہ یا تو مردہ پیدا ہوتا ہے یا فوراً پیدائش کے بعد مرجاتا ہے۔
تیسرا	مرد کی عمر کم ہوجاتی ہے اور اولاد وقت سے پہلے مرجاتی ہے۔
چوتھا	اولاد لمبا عرصہ زندہ رہتی ہے۔
پانچواں	اولاد تابعدار، خدمت گار اور نیک ہوگی۔
چھٹا	درمیانے درجے کی اولاد ہوگی۔
ساتواں	بے اولاد ہوگا۔
آٹھواں	خوش قسمت اور خوشحال لڑکا ہوگا۔
نواں	میاں بیوی کی صحت اچھی رہے گی اور خوشحالی ہوگی۔
دسواں	اولاد خوبصورت، طاقت ور اور مضبوط ہوگی۔
گیارہواں	عورت بیمار ہوجائے گی۔
بارہواں	نام روشن کرنے والی نرینہ اولاد پیدا ہوگی۔
تیرہواں	بُرے کریکٹر کی اولاد پیدا ہوگی۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اثرات	دن
صالح اور شریف بیٹا پیدا ہوگا۔	چودہواں
نیک صالح اور اچھی سیرت کی لڑکی پیدا ہوگی۔	پندرہواں
خوش بخت اور خوش قسمت ہوگا۔	سولہواں

یہ وہ اثرات ہیں جو ایام حیض میں صحبت کرنے سے اولاد پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

● — شہد اور روغن زیتون باہم ملا کر طلا کرنے سے مردانہ طاقت بڑھ جاتی ہے۔
اس طلا کو روزانہ دس منٹ تک ملیں۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

حیض کے مستقبل پر اثرات

حکمائے قدیم اور وید حضرات نے جنسیات پر بہت کام کیا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ ابھی سائنس اپنی تمامتر ترقی کے باوجود اس مقام پر نہیں پہنچ سکی جہاں حکماء نے اسے چھوڑا تھا۔ جنسیات پر کام کرنے والا کوئی بھی طالب علم شاستروں کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔ ویدوں نے برسوں کی ریاضت اور شبانہ روز کوششوں سے جنسی تعلقات کی یہ باریکیاں، دریافت کیں۔ میرے خیال میں اگر آج بھی حکماء اور وید حضرات کی ان تصانیف کا مطالعہ کیا جائے اور ان کی روشنی میں زندگی گزاری جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑے۔

شاستروں کی تحقیق کے مطابق لڑکی کو جب پہلی بار حیض کا خون آتا تو اس کے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ چاند کی جس تاریخ کو حیض شروع ہو، اسے نوٹ کر کے درج ذیل چارٹ سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔

ویدوں کا کہنا ہے کہ یہ چارٹ حتمی اور یقینی ہے۔ یعنی اگر حیض کا خون پہلی بار چاند کی پہلی تاریخ کو آئے تو اثرات کیا ہوں گے۔ (۲) دو کو آئے تو اثرات کیا ہوں گے۔

چونکہ ہمارے ہاں جنسی معلومات بہت کم ہیں اور بیشتر پڑھے لکھے لوگ بھی جنس کی ابجد تک نہیں جانتے۔ شاید اسی لیے ہمارے ہاں گھر لیو ناچاکی کا مسئلہ عام ہے۔ ایسے حضرات کے لیے یہ کتاب استاد کا کام دے گی۔ لیجئے چارٹ حاضر ہے :-

چاند کی تاریخ	اثرات
پہلی	زیادہ تر بیماریوں کا شکار رہے گی۔
دوسری	دماغی طور پر کمزور ہوگی اور طبیعت میں ٹھہراؤ نہیں ہوگا۔
تیسری	اولاد کی نعمت سے محروم رہے گی۔
چوتھی	اولاد کا زندہ رہنا معجزہ ہوگا۔
پانچویں	زندگی پریشان گزرے گی۔ جوانی ہی میں موت کا حادثہ بھی پیش آسکتا ہے۔
چھٹی	بیماریوں کی وجہ سے عمر دراز نہیں ہوگی۔
ساتویں	ہوسکتا ہے کہ اولاد پیدا ہی نہ ہو، یا صرف ایک ہو۔
آٹھویں	کریکٹر ٹھیک نہیں ہوگا۔
نویں	زندگی خوش وخرم گزرے گی۔
دسویں	چال چلن مشکوک ہوگا۔
گیارہویں	خاندان کی بدنامی کا باعث ہوگی
بارہویں	فطرتاً شریف النفس ہوگی۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

تیرہویں	پرہیزگار اور شریف ہوگی۔ خاوند پر مرمٹنے والی ہوگی۔
چودہویں	عزت اور دکھوں کا ہمیشہ سامنا رہے گا۔

شاستروں میں لکھا ہے کہ جس عورت کو حیض نئے چاند کے دن شروع ہوگا، وہ خراب چال چلن کی ہوگی۔

دنوں کے مطابق حیض کے اثرات

طب یونانی کے اندر جنسی معلومات کا ایک بیش بہا خزانہ چھپا ہوا ہے۔ اگر ان کتابوں کا ترجمہ کرکے بازار میں لایا جائے، اور عوام کو اس علم کی آگاہی ہو تو بیشتر جنسی مسئلے صرف اس سے حل ہو جائیں۔

بعض لوگ اس سلسلہ میں گفتگو کرنا بھی پسند نہیں کرتے اور اسے فحاشی کے زمرے میں ڈال دیتے ہیں۔ لیکن میرے خیال میں جتنے بھی علم ہیں یہ ان میں سب سے مشکل علم ہے۔ اس وقت مارکیٹ میں اس علم کی سب سے زیادہ ڈیمانڈ ہے۔ اس لیے اس سے آگاہی بہت ضروری ہے۔ مذہب بھی ان معلومات کے خلاف نہیں۔ یہ باتیں زندگی کا حصہ ہیں۔ اب جو چارٹ پیش کیا جا رہا ہے۔ اس میں دنوں کے مطابق حیض کے اثرات پر روشنی ڈالی گئی ہے مثلاً:

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

پہلی بار بدھ کو حیض آئے تو اس کے کیا اثرات ہوں گے۔ یہ چارٹ اس سلسلہ میں آپ کی رہنمائی کرے گا۔

دن	اثرات
اتوار	سر سے خاوند کا سایہ جلد اُٹھ جائے گا۔
سوموار	خاوند کی عاشق اور فرمانبردار ہوگی۔
منگل	چال چلن درست نہیں ہوگا۔
بدھ	زندگی کی ہر نعمت حاصل ہوگی۔ عزت، دولت۔ شہرت۔
جمعرات	خاوند امیر کبیر ہوگا۔ زندگی پُرمسرت گزرے گی۔
جمعہ	عمر لمبی ہوگی اور بچے بھی زیادہ ہوں گے۔
ہفتہ	اولاد سے محروم رہے گی اور میاں کے لیے بھی نیک ثابت نہ ہوگی۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

مہینوں کے مطابق حیض کے اثرات

حیض کا خون ہر ماہ کی کس تاریخ کو آتا ہے۔ حکمار نے مہینوں کے مطابق اس کی درجہ بندی کی ہے۔ اگر پہلی بار خون جیٹھ میں آئے گا تو اس کے کیا اثرات ہوں گے۔ بارہ مہینے کا یہ چارٹ اسی نسبت سے تیار کیا گیا ہے۔ چارٹ ملاحظہ فرمائیں۔

ماہ	اثرات
بیساکھ	خوش گفتار اور خوش کردار ہو گی۔
جیٹھ	بیوگی کے صدمہ سے دوچار ہو گی۔
ہاڑ	خوش وخرم رہے گی۔
ساون	زندگی بھر اولاد کی طرف سے پریشان رہے گی۔
بھادوں	بیماری مقدر ہو گی۔
اسوج	خود کو ہمیشہ بدقسمت سمجھے گی۔ اولاد کی پریشانی بھی رہے گی۔
کاتک	خاوند ہمیشہ اسے نحوست سمجھے گا۔
مگھر	خاوند سے محبت کرنیوالی ہو گی۔ صالح اور شریف ہو گی۔
پوہ	خوبصورت ہو گی، لیکن بھٹکی ہوئی ہو گی۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اثرات	ماہ
وفا کا نمونہ ہوگی۔ تابعدار اور خدمت گار ہوگی۔	ماگھ
اولاد کی طرف سے خود کفیل ہوگی۔	پھاگن
خواہشات کے سامنے دم توڑنے والی ہوگی۔	چیت

وقت کے مطابق حیض کے اثرات

اثرات	وقت
اگر حیض کا خون پہلی بار دن کو آئے تو خوش قسمت ہوگی۔	دن
اگر رات کو آئے تو خاوند پیار کرنے والا ملے گا۔	رات
اگر حیض کا خون پہلی بار علی الصبح آئے تو بد قسمت ہوگی اور پریشان رہے گی۔	علی الصبح
اولاد کی نعمت سے محروم رہے گی۔	شام

یہ چارٹ حکماء اور وید حضرات نے برسوں عرق ریزی کر کے مرتب کئے ہیں۔ ان کے متعلق ان کا کہنا ہے کہ یہ سو فیصد ٹھیک ہیں۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

عورت بھی نامرد ہوتی ہے

بظاہر یہ عنوان کچھ عجیب سا لگتا ہے اور نامرد کا لفظ صرف مرد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ چونکہ یہ لفظ اپنے اندر پورے معنی رکھتا ہے اس لیے قارئین کے لیے اس کو استعمال کیا گیا ہے۔ آپ نے مردوں کے متعلق عام سُنا ہوگا کہ وہ جنسی طور پر کمزور ہیں یا نامرد ہیں۔ لیکن مطب کی زندگی میں بہت سے واقعات ایسے بھی دیکھنے اور سننے میں آئے جہاں مردوں نے آکر شکایت کی کہ میری بیوی نامرد ہے۔ مُردوں کی طرح پڑی رہتی ہے۔ اسے کتنا بھی پیار کیا جائے وہ ٹس سے مس نہیں ہوتی۔ لیکن میاں سے محبت ہونے کی وجہ سے مجامعت سے انکار نہیں کرتی

میرے پاس مطب میں میاں بیوی آئے۔ دونوں نوجوان خوبصورت اور تعلیم یافتہ تھے، بظاہر ان کی زندگی بڑی خوش و خرم گزر رہی تھی۔ لیکن خاوند نے شکایت کی کہ بیوی مجھے بہت زیادہ پیار کرنے کے باوجود مجامعت کے لیے تیار نہیں ہوتی۔ اور میری ہر رات کو یہی لڑائی رہتی ہے۔ اگر میں اُسے مہینہ بھر نہ کہوں تو وہ مجامعت کے لیے نہیں بلاتی۔

حکیم صاحب، اس سلسلہ میں مَیں بہت پریشان ہوں میں

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اپنی بیوی کے علاوہ کسی کو ملنا پسند نہیں کرتا۔

میں نے مریضہ کو مخاطب کر کے پوچھا کہ آپ کے میاں کو آپ سے جو شکایت ہے وہ آپ نے سن لی ہے۔ مریضہ نے اثبات میں جواب دیا۔ آپ اس سلسلہ میں کچھ کہنا چاہتی ہیں۔ مریضہ نے کہا کہ مجھے اپنے میاں سے بہت زیادہ محبت اور پیار ہے۔ میں ان کے بغیر زندگی کا تصوّر بھی نہیں کر سکتی۔ لیکن اب مجھے مجامعت میں مزا نہیں آتا، اور میں ذہنی طور پر اس کے لیے تیار نہیں ہوتی۔ اگر کسی روز مجامعت کر بھی لوں، تو صرف ان کی خوشی کے لیے کرتی ہوں۔ ایسی ٹھنڈی اور پتھر عورتیں بھی اس معاشرہ میں موجود ہیں۔

عورت کے جنسی نامرد ہونے کی کئی وجوہات ہیں:۔

۱:۔ اگر عورت ایک لمبے عرصے تک کسی مہلک اور موذی مرض میں مبتلا رہی ہو اور اس کے بعد صحت یاب ہو گئی ہو۔ تو اس حالت میں بھی مجامعت سے نفرت ہو جاتی ہے۔

۲:۔ کثرتِ مجامعت کی وجہ سے بھی عورت کو مجامعت سے نفرت ہو جاتی ہے۔ وہ لوگ جو جنسی بے راہروی کا شکار ہوں۔ ان کی جب شادی ہوتی ہے تو وہ بیوی کو ایک بے جان کھلونا سمجھتے ہیں وہ کسی بھی قواعد وضوابط کی پرواہ کیے بغیر ہر وقت عورت سے چھیڑ چھاڑ کرتے رہتے ہیں۔ اس سے بھی عورت کی جنسی زندگی میں نامردپن آ جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

۳ :- عورت جب جماع کے وقت پورا لُطف نہیں اٹھاتی۔ میاں کی کمزوری کی وجہ سے وہ ہر بار مجامعت سے پریشان ہوتی ہے تو بھی جنسی طور پر ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔ ایسی عورتوں کو بھی مجامعت سے کوئی دلچسپی نہیں رہتی۔

۴ :- ایسی عورتیں جن پر مذہب کا رنگ زیادہ ہو وہ مذہبی نقطہ نظر سے بھی پاک و صاف رہنا پسند کرتی ہیں۔ انہیں بھی مجامعت سے زیادہ دلچسپی نہیں رہتی۔

۵ : مردوں کی طرح عورتوں کے اعضاء بھی کثرتِ جماع کی وجہ سے متاثر ہوتے ہیں۔ وہ عورت جو بلوغت کے ساتھ ہی کچھ نہ کچھ کرنے کی عادی ہو۔ اس کی ذکاوتِ حس مرتھ گئی ہو۔ وہ بھی جماع کے نام سے دور بھاگتی ہے۔

۶ :- بعض اوقات غربت اور افلاس کی وجہ سے بھی عورت میں جنسی طاقت کمزور ہو جاتی ہے۔ ایسی عورت مردوں کے لیئے ایک عذاب سے کم نہیں ہوتی۔ مرد اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتا ہے۔ لیکن عورت پر اس کا اثر نہیں ہوتا۔ ایسی عورتوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ کچھ دن کے لیے اپنے خاوند کے پاس سے چلی جائیں۔ اپنی خوراک کو ٹھیک کریں۔ گوشت، مرغ، مچھلی، انڈا اور خشک میوے کھائے، ایسی عورت سے جماع سے پہلے اس بات کا اندازہ لگا لینا چاہیے کہ ٹھنڈک کے کیا اسباب ہیں، ممکن ہو سکے تو ان اسباب کو رفع کریں۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اگر ڈیپریشن ہو تو پہلے اس کی طرف توجہ دینی چاہیے۔

وہ واقعہ جو میں اوپر بیان کر چکا ہوں۔ اس مریضہ کو درج ذیل نسخہ استعمال کرایا گیا۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے اس کی بہت تعریف کی۔ میاں بیوی میں حقِ زوجیت کے مسئلہ پر پھر کبھی اختلاف پیدا نہیں ہوا۔

- حبّ نصر خاص ۔ ایک ایک گولی دوپہر و شام بعد غذا۔
- لبوب کبیر خاص ۔ ایک چمچی دودھ سے سوتے وقت

اس نسخہ سے مریضوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو فائدہ ہوا ہے۔

اگر اس نسخہ کے ساتھ ساتھ مریضہ کو دودھ میں شہد ملا کر پلایا جائے اور دو انڈوں کی زردی بھی استعمال کرائی جاتے تو بہت جلد خاوند کی طرف رغبت ہو جائے گی۔

ہمارے ہاں مشرقی شرم و حیا کی وجہ سے بہت سے زنانہ امراض بالآخر درجہ پریشانی بن جاتے ہیں۔ وہ اس لیے کہ لڑکی شرم و حیا کی وجہ سے کسی بات ہی نہیں کرتی اور وہ روگ اُسے گھن کی طرح کھا جاتا ہے۔

ایک نوجوان نے بتایا کہ عضو مخصوص چھوٹا تھا۔ میرے ایک دوست نے مجھے بتایا کہ مشت زنی کرو اس سے عضو بڑا ہو جائے گا۔ چنانچہ میں اس لیے جلق لگاتا ہوں۔ بعض نوجوانوں نے اسے ہوسٹل لائف کی بیماری کہا کہ اس کا آغاز وہاں سے ہوا۔ یہ تو حقیقت ہے کہ مسلسل ایک نرم و نازک عضو کو چھیڑتے رہنے سے اس میں نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ اور یہ بھی حقیقت ہے کہ مشت زنی کے اثرات آخر دم تک رہتے ہیں۔ اگر کوئی اچھا معالج نہ ملے، مشت زنی سے ٹیڑھا پن پیدا ہو جاتا ہے اور یہی ٹیڑھا پن شادی کے وقت یا جنسی ملاپ کے وقت ندامت کا باعث بنتا ہے، لیکن اس میں گھبرانے کی اس لیے ضرورت نہیں کہ جس بیماری کا علاج موجود ہو اس کے لیے فکرمند نہیں ہونا چاہیے۔
میرے پاس بہت سے ایسے نوجوان مریض آتے جو ٹیڑھا پن کے شکار تھے اور صرف اس لیے شادی نہیں کراتے تھے کہ وہ حقِ زوجیت صحیح طور پر ادا نہیں کر سکیں گے۔ چنانچہ ان کا علاج پوری توجہ اور محنت سے کیا گیا۔ آج وہ بچوں کے باپ ہیں۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

مشت زنی کرنے والوں کے دماغ میں ایک بات بیٹھ جاتی ہے کہ انہوں نے ہاتھ سے منی بہت ضائع کی ہے اور اب وہ بیوی کے قابل نہیں رہے۔ چنانچہ وہ اشتہاری حکیموں اور سنیاسیوں کے چکر میں آکر طلاء سے چھالے ڈلوا لیتے ہیں، جو سراسر غلط ہے۔ اشتہاری حکیم پہلے مریض کو ڈراتے ہیں کہ آلۂ تناسل کی رگوں میں پانی بھر گیا ہے اور وہ ناکارہ ہو گئی ہیں، جب تک اسے پٹیاں نہ کی جائیں تب تک وہ ٹھیک نہیں ہو گا۔ نوجوان اس کی چپڑی باتوں میں آ جاتا ہے اور چھالا ڈلوا لیتا ہے، جس سے اس کے آلۂ تناسل پر زخم آجاتا ہے۔ بعض اوقات یہ زخم عمر بھر رہتا ہے۔ ایسا نوجوان جب بھی مجامعت کرتا ہے زخم کی جگہ درد محسوس ہوتا ہے۔ اس لیے کسی بھی حالت میں چھالہ نہیں ڈلوانا چاہیے، بلکہ بغیر چھالے کے اس کا کامیاب ترین علاج موجود ہے۔ مشت زنی کے مریض کا مادۂ منی پتلا ہو جاتا ہے۔ ذکاوتِ حس بڑھ جاتی ہے اور صحت کا معیار گر جاتا ہے۔ مریض کو چاہیے کہ وہ سب سے پہلے مشت زنی سے توبہ کرے پھر اس کا باقاعدہ علاج کرائے۔ اگر مریض اپنے آپ سے مخلص ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اچھا ہو جائے تو پھر سب تکلیفیں دور ہو سکتی ہیں۔ چونکہ مشت زنی سے مادۂ منی پتلا ہو جاتا ہے اس لیے سب سے پہلے اس کو گاڑھا کرنے کے لیے ادویات استعمال کرنی چاہییں۔

اس سلسلے میں یہ نسخہ مجرب ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

کشتہ قلعی ۔ ا رتی ، در معجون آرد خرما - اچھی دودھ سے صبح نہار مُنہ ۔

معجون ثعلب ۔ ا چمچی دودھ سے سوتے وقت ۔

طلاء نصر خاص ، بقدر ضرورت آلہ تناسل پر مالش کریں۔

ایسے مریضوں کو چاہیے کہ وہ گرم اشیاء سے پرہیز رکھیں

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

عورتیں بھی جلق لگاتی ہیں

جیسا کہ میں نے پچھلے باب میں ذکر کیا ہے کہ مردوں کی طرح عورتیں بھی جلق لگاتی ہیں۔ اس حقیقت کو لوگ مذاق سمجھتے ہیں۔ فیشن کے اس دور میں جہاں پرانی قدریں بڑی شدت سے دم توڑ رہی ہیں اور اب ہر اصل کی جگہ فیشن لے رہا ہے۔ فیشن اور ماڈرن ازم نے جنسیات میں بہت ترقی کی ہے۔ جب سے ہمارے ہاں وی۔ سی۔ آر کی آمد ہوئی ہے یورپ سے جدید طریقے اور سٹائل بھی آگئے ہیں۔ اب عورتیں تنہائی میں خود ہی مشت زنی سے اپنی تسکین کر لیتی ہیں۔ اس سلسلہ میں بعض اوقات سہیلیاں بھی آپس میں مل جاتی ہیں۔

میرے پاس مطب میں ایک نوجوان مریضہ آئی۔ جو لیکوریا کی مریض تھی۔ اس نے بتایا کہ وہ انگلی سے خودلذتی کا شکار رہی ہے اور وہ یہ فعل بعض اوقات دن میں دو بار بھی کرتی رہی ہے۔ کیا یہ تکلیف اس وجہ سے تو نہیں ہو گئی۔

میں نے اس سلسلے میں بہت سے سوال کیے اور اس نے جواب میں بتایا کہ بہت سی جوان لڑکیاں یہ فعل کرتی ہیں۔ بعض اوقات ایک دوسرے

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

کے پستان مُنہ میں ڈال کر چوستی ہیں اور ایک دوسری کو انگلیوں سے انزال بھی کراتی ہیں۔ میں اور میری سہیلی ایک مدت تک یہ کرتی رہی ہیں اب اس کی شادی ہو گئی ہے اور میری شادی ہونے والی ہے۔ لیکن مجھے یہ مرض لگ گیا ہے۔

میں نے اسے بتایا کہ لیکوریا اس کی وجہ سے ہوا ہے۔ چنانچہ اب آپ اس سے اجتناب کریں اور زیادہ گرم اشیا نہ کھائیں ۔۔ اس عادت کا شکار لڑکیاں بعض اوقات ایک مدت تک شادی کے لیے رضامند نہیں ہوتیں۔

بہرحال یہ تکلیف ہر دو حضرات کے لیے مُضر ہے۔ عورتوں کے رحم میں ورم ہو جاتا ہے۔ ایام میں بے قاعدگی پیدا ہو جاتی ہے بعض اوقات گندے ہاتھوں کی وجہ سے اندر زخم ہو جاتے ہیں جو بالآخر نقصان کا باعث بنتے ہیں۔ اس سلسلے میں یہ دوا مجرب ہے۔ جس سے لیکوریا ٹھیک ہو سکتا ہے۔

نُصرَین : ½ چمچ دودھ سے صبح و شام کھائیں۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

مردانہ کمزوری اور نامردی پریشان کن مرض ہیں

پاکستان کا ہر بالغ نوجوان جنسی بے راہروی کا شکار ہونے کے بعد خود کو نامرد تصوّر کرتا ہے۔ مشت زنی۔ اغلام بازی۔ زنا اور جوانی کی تباہ کاریوں کی وجہ سے اسے خدشہ ہوتا ہے کہ وہ اس قابل نہیں رہا کہ اس کی شادی کی جائے۔ وہ شادی کے نام سے بھاگتا ہے۔ لیکن جب اسے بہت مجبور کیا جاتا ہے تو وہ اپنے کسی بھائی یا دوست کا سہارا لیتا ہے. اور اس سے اپنے ماں باپ کو کہلواتا ہے کہ وہ جب تک کسی حکیم سے علاج نہ کروالے تب تک شادی نہیں کرے گا۔ کیونکہ وہ نامرد ہو چکا ہے۔ اس کی تمام طاقتیں ضائع ہو چکی ہیں۔ بہت سے لوگ اس حقیقت کو جانتے ہیں کہ مردوں میں جماع کی ناقابلیت کو نامردی کہتے ہیں۔ بعض حالتوں میں یہ وقتی طور پر تکلیف ہو جاتی ہے اور بعض میں یہ بیماری کی صورت اختیار کر لیتی ہے۔ نامردی کی ایک صورت میں شہوت بالکل نہیں آتی۔ دوسری صورت میں تھوڑی سی شہوت تو آتی ہے لیکن مجامعت کے قابل نہیں ہوتی۔ ایسی حالت میں وہ نوجوان ذہنی مریض بھی ہو جاتا

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

یک تندرست انسان میں عورت سے ملاپ کے لیے بنیادی طور پر تین
وصاف ہونے چاہییں۔

۱:۔ سب سے پہلے عورت کی طرف رغبت ہو۔

۲:۔ اس کے بعد شہوت پورے زور و شور سے آئے۔

۳۔ انزال کا مسئلہ

اب اگر کسی شخص کو شہوت نہ آئے تو اسے سُستی یا نامردی کہتے ہیں۔
بعض اوقات مقامی طور پر عضو میں کوئی خرابی ہو جاتی ہے یا کوئی پیدائشی
نقص ہوتا ہے۔ بعض اوقات ٹائیفائڈ اور تیز بخاروں کی وجہ سے بھی
سُستی اور نامردی ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات خصیوں کی تکلیفوں میں
بھی یہ عارضہ ہو جاتا ہے۔ گولیوں میں بعض اوقات پانی پڑ جاتا ہے۔ بعض
اوقات گولیاں چھوٹی رہ جاتی ہیں۔ متعدی امراض سوزاک۔ آتشک، جوڑوں
کا درد۔ شوگر بھی نامردی کے اسباب ہیں۔

ایک اور سب سے بڑی وجہ کثرت جماع ہے۔ کثرت جماع کی وجہ
سے حرام مغز، اور دماغ کے مراکزِ عصبی تھک جاتے ہیں اور مزید کام کرنے
سے وقتی طور پر انکار کر دیتے ہیں۔ اگر ایسی حالت میں زبردستی جماع کی
کوشش کی جائے تو بجائے شہوت کے فوراً انزال ہو جاتا ہے۔ اس سے
یہی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اعصاب کتنے تھک گئے ہیں۔ ایسی حالت
میں اگر مریض سنبھلنے کی کوشش نہ کرے تو پھر وہ ساری عمر مردانہ طاقت
کی کوشش میں دھکے کھاتا رہتا ہے۔ سادہ لفظوں میں اس کی مثال یوں دی

جا سکتی ہے کہ اگر ایک گھوڑا تھک جائے تو اسے چابک مار کر تھوڑی دیر تک دوڑایا جا سکتا ہے لیکن جب وہ تھک کر گرے گا تو پھر اس کا اٹھنا محال ہوگا۔ اگر اٹھ بھی پڑے تو اسے سنبھلنے میں مہینوں لگیں گے۔ یہی حال اس مریض کا ہوتا ہے۔ نامردی اور سستی کا مریض جب حکیموں کے پاس جاتا ہے تو اس کا خیال ہوتا ہے کہ حکیم صاحب کے پاس جاؤں گا اور پیسے دے کر سیکس خرید کر لے آؤں گا۔ جب اُسے حکیم صاحب صحیح بات سمجھاتے ہیں تو اُسے بہت مایوسی ہوتی ہے اور وہ اپنے آپ کو ناکارہ اور بے بس سمجھتا ہے کبھی وہ سوچتا ہے کہ وہ خودکشی کر لے اور کبھی وہ علاج کرانے کے لیے خود کو تیار کرتا ہے۔

میرے پاس مطب میں ایک نوجوان آیا۔ جسم مضبوط، خوبصورت نقش و نگار اور پڑھا لکھا تھا۔ اس نے کرسی پر بیٹھتے ہی رونا شروع کر دیا۔ میں چونکہ کئی نوجوانوں کو اس طرح روتے ہوئے دیکھ چکا تھا۔ اس لیے مجھے تعجب نہیں ہوا بلکہ میں مرض کی تہہ تک پہنچ گیا۔

نوجوان نے بیان کیا کہ میں اپنا قیمتی جوہر اپنے ہاتھوں سے ضائع کر چکا ہوں اور اب میرے پاس شادی کے لیے کچھ نہیں۔ نہ رغبت ہوتی ہے اور نہ شہوت بلکہ بعض اوقات میں عورت کے ساتھ ننگا لیٹتا ہوں تب بھی حرکت نہیں ہوتی۔ عورتوں سے دوستی ہونے کی وجہ سے ملتا رہتا ہوں۔ میں نے اسے مشورہ دیا کہ اگر آپ نے بازار سے صحت خریدنے کی کوشش کی تو آپ کو مایوسی ہوگی۔ آپ اب اس عا

کو بھول جائیں۔ غیر عورتوں سے میل ملاپ چھوڑ دیں۔ دل لگا کر علاج کریں تو آپ اچھے ہو جائیں گے۔

نوجوان نے میرے مشورے پر عمل کیا۔ میں نے اُسے ایک مدت تک مغلظ منی دوائیں استعمال کرائیں اور ساتھ ساتھ اعصاب کو تقویت پہنچائی۔ بعد میں اُسے نسخہ ۲۳۔ استعمال کرایا گیا۔ اس سے اُسے بہت فائدہ ہوا۔ نوجوان نے شادی کے بعد بتایا کہ شاید اس سے پہلے مجھے اتنی سخت شہوت کبھی نہ آئی ہو جتنی اس علاج کے بعد آئی ہے۔

اسی طرح ایک نوجوان کی امریکہ میں ایک پاکستانی گھرانے میں شادی ہو رہی تھی۔ یہ گھرانہ ایک مدت سے وہاں مقیم تھا۔ جس لڑکی سے شادی ہونے والی تھی وہ وہیں پیدا ہوئی تھی، اور وہیں جوان ہوئی تھی۔ نوجوان بہت خوفزدہ تھا۔ اس نے مجھے اپنی رام کہانی سنائی۔ اس کا علاج کیا گیا۔ نوجوان نے امریکہ سے شکریہ کا خط لکھتے ہوئے کہا کہ حکیم صاحب یہاں کی لڑکیاں پاکستان کے لڑکوں سے جنس میں آگے ہیں۔ مجھے یہاں ایسی ایسی معلومات حاصل ہوئیں جو میں نے آج تک نہ پڑھیں تھیں اور نہ سنیں تھیں۔ شادی کی رات میری بیوی نے مجھے طرح طرح سے استعمال کرنے کی کوشش کی لیکن میں آپ کی ہدایت کے مطابق صرف اس کو گرم کرتا رہا۔ اس کے پستانوں کو چھیڑتا رہا اس کی اندام نہانی میں آہستہ آہستہ انگلی پھیرتا رہا جس کی وجہ سے وہ بے حال ہو گئی۔ میں نے موقع غنیمت جان کر اُسے سیدھا لٹایا اور اس کے نیچے تکیہ رکھ کر اس

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

کی اندام نہانی میں آلہ تناسل دخول کر دیا۔ بس پھر کیا تھا۔ مشرق و مغرب کے ملاپ نے کائنات ہلا دی۔ اس کا یہ خیال تھا کہ پاکستانی سیکس کے معاملہ میں بہت کمزور ہوتے ہیں، لیکن اس کا یہ خیال غلط نکلا۔ جب میں نے دخول کے بعد عمل شروع کیا تو وہ شدتِ جذبات اور لذت سے آہستہ آہستہ جب ہائے ہائے کرتی تو میرا جذبہ شہوانی اور بھڑکتا۔ اسی طرح میں نے ایک ہی رات میں اس کا حشر کر دیا اور وہ اگلے دن معافیوں پر اتر آئی۔

آپ کو یہ تمام حالات اس لیے لکھ رہا ہوں کیونکہ آپ نے نہایت محبت اور شفقت سے میرا علاج کیا تھا۔ آپ کی باتیں اور جنسی نصیحتیں بالخصوص ملاپ کے وقت بہت یاد آتی ہیں۔ میں انہیں بھول بھی نہیں سکتا۔

یہ دونوں واقعات اس لیے یہاں درج کئے ہیں تاکہ وہ نوجوان جو اس مرض یا مردانہ کمزوری کے شکار ہوں۔ انہیں مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ بلکہ اپنے معالج کو کچھ وقت علاج کے لیے دینا چاہیے تاکہ وہ صحیح طور پر تیار کر سکے۔ اکثر مردانہ کمزوری اور نامردی کے مریضوں کی گھریلو زندگی پریشان رہتی ہے۔ گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ بیوی کھانا پکانا چھوڑ دیتی ہے۔ بعض حالات میں بیوی ناراض ہو کر میکے چلی جاتی ہے۔ طلاق لے لیتی ہے یا اردگرد کسی نوجوان سے عشق کی پینگیں بڑھا لیتی ہے۔

بعض اوقات نامردی کے مریض بھی دیکھنے میں آتے ہیں جنہیں

نفسیاتی مریض بھی کہا جا سکتا ہے۔ ایسے مریضوں کو شہوت پورے زور و شور سے آتی ہے۔ لیکن عین دخول کے وقت شہوت ختم ہو جاتی ہے۔ پھر کتنی بھی کوشش کی جائے دوبارہ طبیعت راغب نہیں ہوتی۔ ایسے ایک نہیں بیسیوں کیس میں نے دیکھے ہیں۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ شادی کی رات یہ حادثہ پیش آ جاتا ہے۔ شہوت ہونے کے باوجود دخول نہیں ہو سکا اور شہوت ختم ہو گئی۔ میں نے ایک مریض کو دیکھا جو تین ماہ شادی کے گزر جانے کے باوجود بیوی سے مجامعت نہیں کر سکا تھا۔ اُسے شہوت ہوتی تھی لیکن دخول کے وقت ڈھیلا پڑ جاتا تھا۔ چونکہ حرام مغز میں واقع شہوانی مراکز کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے دماغ کے بالائی حصوں میں نفسیاتی مراکز ہوتے ہیں۔ نیچے کے مراکز بالکل تندرست بھی ہوں تو بالائی رابطہ ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے سارا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے۔ محض اعصابی مراکز میں خیالات کی گڑبڑ کی وجہ سے خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔ انہیں خدشات کے پیش نظر میں نے مذکورہ بالا مریض کو ہدایت کی وہ کچھ دنوں کے لیے اس شہر سے چلا جائے۔ دوسرے کسی شہر میں کچھ دنوں کیلئے ہوٹل میں رہے۔ رات کو بیوی کے تمام کپڑے اتار کر اس پر آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرے۔ اپنا آلۂ تناسل اس کے ہاتھ میں پکڑا دے کیونکہ بیوی کے ہاتھ میں بہت شفا ہوتی ہے۔ وہ اسے آہستہ آہستہ دبائے۔ آپس میں میاں بیوی دوستوں کی طرح رہیں اور گپ شپ کریں۔ ایک ہفتہ کی

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

سیر کے بعد نوجوان نے بتایا کہ دوسرے ہی دن کام سٹارٹ ہو گیا تھا۔
اور ایسا سٹارٹ ہوا کہ پھر رُکنے کا نام نہیں لیتا تھا۔ کوئی دن ایسا نہیں
گزرا جب تین چار دفعہ مجامعت نہ کی ہو چونکہ اس کی وہ جھجک ختم
ہو گئی اس لیے اب وہ یہاں بھی ٹھیک تھا۔
حکما کے پاس مردانہ کمزوری، نامردی اور دیگر جنسی خرابیوں کے
بہت سے مریض آتے ہیں۔ بعض لوگ تو سمجھتے ہیں کہ حکیم صرف جنسیات
کے ہی ماہر ہوتے ہیں۔ اس لیے وہ خاص طور پر یہی علاج ان سے کرواتے
ہیں۔ میں ذاتی طور پر ایک ایسے نوجوان دوست کو جانتا ہوں جو اپنی محبوبہ
سے بہت محبت کرتا تھا۔ اس پر دل و جان قربان کرنے کے لیے تیار
رہتا تھا۔ اس کی کسی بات سے انکار ممکن ہی نہیں تھا۔ وہ اسے بوس و
کنار کی حد تک تو مطمئن کر لیتا تھا لیکن آج تک اس سے پورے طور پر
مجامعت نہیں کر سکا تھا، حالانکہ وہ دوسری عورتوں کو پریشان کر دیتا تھا۔
یہ نوجوان صرف اس عورت کے لیے نامرد تھا۔ اس نوجوان نے بارہا مجھ
سے پوچھا کہ کیا بات کہ میں صرف اسی عورت کے ساتھ مجامعت نہیں
کر سکتا۔ ماہرین نفسیات تو شاید اس سلسلہ میں تاویلیں پیش کریں، لیکن
میں نے اسے سیدھی سی بات بتائی کہ آپ اپنی محبوبہ کی شخصیت سے بہت
متاثر ہیں اور اس قدر متاثر ہیں کہ اس کی موجودگی میں آپ کے جذبات
دَب جاتے ہیں یا اس کے آپ پر احسانات اتنے ہیں کہ آپ اسے
لاشعوری طور پر بھی دُکھ میں مبتلا نہیں دیکھ سکتے۔ اس لیے آپ اپنی

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

محبوبہ سے ملاپ نہیں کر پاتے۔

نامردی اور کمزوری کی یہ قسم زیادہ خطرناک نہیں۔ چونکہ کمزوری سستی اور نامردی کی وجوہات مختلف ہیں۔ اس لیے معالج کا یہ فرض ہے کہ وہ مریض کو اعتماد میں لے کر اس کی پوری تشخیص کرے، پھر تشخیص کی روشنی میں علاج کرے تو آسان ہو جاتا ہے۔

بعض معالجوں کو دیکھا گیا ہے کہ انہوں نے پلنگ توڑ گولیاں بنائی ہوتی ہیں جو ہر آنے والے کمزور کو دے دی جاتی ہیں۔ یہ کام اس پیشہ اور انسانیت کے منافی ہے۔ ایسے مریض ہمدردی۔ محبت اور پیار کے مستحق ہوتے ہیں۔ صرف پیسہ چھین لینا ہی کمال نہیں بلکہ اصل کمال صحیح علاج ہے۔

بعض اوقات معالج کی تھوڑی سی تسلّی اور ہمدردی کے کلمات ہی جادوئی اثر کرتے ہیں، اور مریض کا اعتماد بحال ہو جاتا ہے۔ ایسے مریضوں کو اشتہاری معالجوں کی بجائے اچھے طبیبوں سے رجوع کرنا چاہیے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

سُرعت انزال تباہ کُن مرض ہے

دورِ حاضر میں یہ مرض عام ہے۔ ہر دوسرا۔ تیسرا نوجوان شادی سے قبل ہی اس کی شکایت شروع کر دیتا ہے۔ اس حالت میں شہوت تو ہو جاتی ہے لیکن دخول کے فوراً بعد انزال ہو جاتا ہے یا عورت سے ابتدائی چھیڑ چھاڑ میں ہی کام ہو جاتا ہے۔ اس وقت بہت شرمندگی کا احساس ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو عملی زندگی میں قدم رکھ چکے ہیں اور جنسی تسکین کے لیے مجامعت کرتے رہتے ہیں وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ جب ایک عورت کو پورے طور پر گرم کیا جائے اور وہ مجامعت کے لیے بالکل تیار ہو اس وقت اگر باہر انزال ہو جائے یا دخول کے فوراً بعد انزال ہو جائے تو اس وقت عورت کی حالت کیا ہو گی اور مرد کی حالت کیا ہو گی۔ حساس مرد تو ڈوب مرنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔ ایسے مرد گھریلو زندگی میں پریشان رہتے ہیں۔ اگر یہ واقعہ گھر میں بیوی کے ساتھ پیش آئے تو بیوی چڑچڑی اور بدمزاج ہو جاتی ہے۔ میاں سے نفرت ہو جاتی ہے اور پھر کئی کئی دن مجامعت کے لیے ذہنی طور پر اس لیے تیار نہیں ہوتی کہ میاں سُرعت انزال کا مریض ہے۔ جنسی زندگی میں یہ تباہ کن مرض ہے۔ اس

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

مرض سے گھر کا سکون اور آرام اُجڑجاتا ہے۔ بیوی ناراض ہوکر اپنے میکے چلی جاتی ہے۔ جب اُسے واپس سسرال جانے کے لیے کہا جاتا ہے۔ تو وہ بھری محفل میں کہہ دیتی ہے کہ میاں کے پلے ہی کچھ نہیں وہاں کیا لینے جاؤں۔ یہ موقع مرد کے لیے بڑا نازک ہوتا ہے۔ بعض نوجوان صرف اسی وجہ سے شادی نہیں کراتے کہ وہ سُرعت انزال کے مریض ہیں، اور وہ بیوی کی تسلی نہیں کر سکتے۔

اخبارات میں یہ واقعات تو اکثر چھپتے رہتے ہیں کہ فلاں نوجوان نے خودکشی کرلی اور فلاں نوجوان شادی سے ایک ہفتہ پہلے گھر سے غائب ہوگیا، اور فلاں شادی کے دوسرے دن گھر سے غائب ہوگیا۔ ان سب واقعات کے پیچھے جنسی مسائل ہوتے ہیں۔ بعض نوجوان شادی سے قبل اشتہاری حکیموں کے ہتھے چڑھ جاتے ہیں۔ جو بیچارے طب اور جنس کی ابجد سے بھی واقف نہیں ہوتے وہ ایک کثیر رقم تو بٹور لیتے ہیں، لیکن مریض کو اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ اس طرح مریض ایک عطائی سے دوسرے عطائی کے ہتھے چڑھ جاتا ہے۔ جب اُسے مختلف عطائی حکیموں سے مایوسی ہوتی ہے تو وہ سمجھتا ہے کہ میرا مرض لاعلاج ہے۔ اس طرح وہ سرعت انزال کے ساتھ ساتھ ذہنی اور نفسیاتی مریض بن جاتا ہے جب مریض اپنے دل میں یہ بات بٹھا لیتا ہے کہ وہ اب ٹھیک نہیں ہو سکتا تو مایوسی اس قدر بڑھ جاتی ہے کہ سرعت انزال کا مسئلہ تو پیچھے رہ جاتا ہے۔ شہوت بھی ختم ہوجاتی ہے۔ جب اس کی شہوت ختم ہوجاتی

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

ہے۔ تو اس کے سامنے دو راستے رہ جاتے ہیں کہ یا تو خودکشی کر لے یا شادی سے بغاوت کر کے گھر سے بھاگ جائے، چنانچہ ایسا ہی ہوتا ہے میرے پاس مطب میں بہت سے سرعت انزال کے مریض آئے جن میں شادی شدہ بھی تھے اور غیر شادی شدہ بھی۔ غیر شادی شدہ میں سے بیشتر مشت زنی کے عادی تھے۔ بعض اغلام بازی اور زنا کے عادی تھے۔

جب جسم انسانی سے کسی وجہ سے منی زیادہ خارج ہو جائے تو مادۂ منی بہت پتلا ہو جاتا ہے۔ ذکاوتِ حس بڑھ جاتی ہے، اور معمولی رگڑ لگنے سے انزال ہو جاتا ہے۔ اب ایسی حالت میں ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ وہ کسی حکیم کے پاس جائے اور وہ اسے ایک پڑیا دے جس کو کھا کر وہ تندرست ہو جائے۔ اُسے شاید یہ خبر نہیں ہوتی کہ یہ سب خیالی باتیں ہوتی ہیں۔ حقیقت سے ان کا دور کا بھی واسطہ نہیں ہوتا۔ اگر ایسے مریض باقاعدہ لگ کر علاج کرائیں تو بالکل ٹھیک ہو سکتے ہیں۔ لیکن نوجوانوں میں اتنا حوصلہ اور صبر نہیں۔ ایک مریض مطب میں آیا۔ وہ سرعت انزال کا مریض تھا۔ بہت علاج کرا چکا تھا۔ شادی کے نام سے ڈرتا تھا، اور گھبراتا تھا۔ زندگی سے مایوس ہو چکا تھا، اور یہ سمجھتا تھا کہ یہ مرض لاعلاج ہے۔ وہ ہزاروں روپے ضائع کر چکا تھا لیکن مطمئن نہیں تھا۔ اس نے اپنی داستان حیات رو رو کر سنائی کہ اس نے ہر جنسی فعل کیا ہے۔ ہوش اس وقت آیا ہے جب سب کچھ کھو چکا ہوں۔ میرے والدین میری شادی بہت جلد کرانا چاہتے ہیں، کیونکہ میں ان کا اکلوتا بیٹا ہوں۔ لیکن میں تو شادی

کے بالکل قابل نہیں ہوں ۔ آپ اس سلسلہ میں میری مدد کریں ۔ میں نے مریض کو تسلّی تشفی کے الفاظ سے سہارا دیا ، لیکن وہ لفظوں سے مطمئن ہونے والا نہیں ۔ میں نے اسے یقین دلایا کہ وہ بہت جلد اچھا ہو جائے گا ۔ چنانچہ اس نے میرے کہنے پر علاج شروع کیا ۔ پھر ایک دن وہ ہنستے چہرے کے ساتھ شادی کارڈ لے کر آگیا ۔ شادی بخیر و خوبی انجام پائی اور اسے کچھ فرصت ملی تو بتایا کہ حکیم صاحب ! میرے لیے پہلی رات بہت بھاری تھی ۔ لیکن آپ کی ہدایات کے پیش نظر میں بالکل گھبرایا نہیں ۔ میں نے ایک رات میں بیوی سے تین دفعہ مجامعت کی اور تینوں دفعہ بیوی بے ہوش ہو گئی ۔ میں زندگی میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ یہ مرض دور ہو جائے گا اور میں اتنا ٹائم لگایا کروں گا ۔

یہ واقعہ ان نوجوانوں کے لیے میں نے یہاں لکھا ہے جو زندگی سے سرعت انزال کے ہاتھوں مایوس ہو چکے ہوتے ہیں ۔ ایسے مریضوں کا علاج ہر حالت میں ممکن ہوتا ہے ۔ بعض مریض یہ سوال کرتے ہیں کہ سرعت انزال کے مریضوں کو وقتی طور پر کیا چاہیے ۔ بہتر تو یہ ہے کہ دوران علاج گرم اشیا اور مجامعت سے پرہیز کی جائے ۔ آلۂ تناسل کی حساسیت کو کم کرنے کیلئے ملٹھی منہ میں رکھیں اور اس ملٹھی کے پانی کو شہد میں ملا کر حشفہ پر بطور طلا لگائیں بہت فائدہ ہو گا ۔ اگر مجامعت سے قبل آلۂ تناسل پر آیوڈیکس مل لیجئے تو وقتی طور پر فائدہ ہوتا ۔ لیکن بہتر یہی ہے کہ اس مرض کا الگ کر علاج کیا جائے اور مادہ منی کو گاڑھا کرنے والی دوائیں استعمال کی جائیں ۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

۵

مجامعت
کس طرح کرنی چاہیے

ماہر شکاریات شیر کے متعلق لکھتے ہیں کہ وہ جنگل کا بادشاہ ہوتا ہے۔ اور جنگل کا کوئی جانور، چرندہ۔ درندہ دم نہیں مار سکتا۔ اس کی اس بے پناہ طاقت کا راز صرف یہی ہے کہ وہ سال میں صرف ایک بار اپنی مادہ سے ملتا ہے۔ وہ بھی اسی وقت جب مادہ گرم ہوتی ہے اور ایک خاص قسم کی بُو آتی ہے اس کے بعد شیر کو اتنی کمزوری ہو جاتی ہے کہ وہ اڑتالیس گھنٹوں کے لیے تنگ و تاریک جنگلوں میں چلا جاتا ہے۔ وہ آرام کرتا ہے۔ جب دوسرے دن لڑکھڑاتے ہوئے باہر نکلتا ہے تو تب بھی کمزوری محسوس کرتا ہے۔ یہ تو درندے کی بات ہوئی۔ حضرت انسان جسے اشرف المخلوقات ہونے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ اس کی نیچر اس درندے سے مختلف ہے۔ اگر اس کا آلۂ تناسل جواب نہ دے جاتے تو یہ ہر وقت یہی عمل کرتا رہے۔ شاید کسی نے حضرت لقمان سے پوچھا تھا کہ زندگی میں عورت کے پاس کتنی بار جانا چاہیے؟ انہوں نے کہا کہ ایک دفعہ۔ نوجوان نے کہا کہ اتنا صبر مشکل ہے۔ آپ نے فرمایا کہ

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

ہر سال میں ایک بار۔ پوچھنے والے نے کہا کہ یہ وقت بھی زیادہ ہے۔
آپ نے فرمایا کہ پھر چھ ماہ میں ایک بار۔ نوجوان نے جب اس کو بھی زیادہ
بتایا تو حضرتِ لقمان حکیم نے نوجوان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ یہ
موت کا کنواں ہے۔ جب چاہو چھلانگ لگا لو۔
چنانچہ ہم نے اس موت کے کنویں میں بہت سے نوجوانوں کو ڈوبتے
دیکھا ہے۔ وہ ہر وقت جنسی بھوک مٹانے کے چکر میں لگے رہتے ہیں۔
لیکن بھوک ہے کہ مٹنے کا نام نہیں لیتی۔ اس میں سب سے بڑی توجہ
طلب بات یہ ہے کہ انہیں ابتدائی اصولوں کا بھی علم نہیں۔ تو جنسی مارکیٹ
میں تقریباً چھتیس آسن مشہور ہیں، لیکن وہ صرف کتابوں کے صفحات تک
ہیں۔ آسنوں میں صرف زیبِ داستان کے لیے رنگینی پیدا کی گئی ہے۔
آسن وہاں کام کرتے ہیں جہاں مردانہ طاقت مثالی ہو۔ سرعت انزال نہ
ہو۔ ذکاوتِ حس نہ ہو۔ لیکن ہمارا نوجوان تو صرف دس تک گنتا ہے اور
انزال ہو جاتا ہے۔ آپ کسی بھی آسن کے طریقہ میں نہ پڑیں۔ سب سے
پہلے جس کمرے میں آپ کا بستر لگا ہوا ہے اس کے دروازے اور کھڑکیاں
اپنے ہاتھ سے بند کریں تاکہ آپ کو تسلی ہو جائے پھر دونوں، سارے
کپڑے اتار کر ایک دوسرے کو پیار کریں۔ ایک دوسرے کی نازک جگہوں
کو چھیڑیں۔ پستانوں کو آہستہ آہستہ ملیں۔ رانوں پر انگلیاں پھیریں۔ اندامِ نہانی
کو بھی چھیڑیں۔ زبان اور ہونٹ کو آہستہ آہستہ چوسیں، اور اپنا آلۂ تناسل
خاتون کے ہاتھ میں پکڑا دیں۔ ایسی چیزیں ایسے ہاتھوں میں ہوشیار

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

ہو جاتی ہیں ۔ اس طرح پیار کے عمل کو دس پندرہ منٹ تک جاری رکھیں ۔ یہاں تک کہ اس کی سانسیں اکھڑنی شروع ہو جائیں ۔ وہ اپنی آنکھیں بند کرنا شروع کر دے اور زور سے سینے سے چمٹا لے ۔ اس وقت عورت کو سیدھا لٹا کر اس کی کمر کے نیچے تکیہ رکھ دیں اور اس کے رانوں کو کھول دیں ۔ اس طرح آلۂ تناسل کا منہ بالکل جائے مخصوصہ کے سامنے ہو گا ۔ اس طرح سے اگر تھوڑا سا پیچھے سے دبائیں گے تو وہ اندر چلا جائے گا ۔ اس طرح عورت کو تکلیف نہیں ہو گی بلکہ مزہ میں دوچند اضافہ ہو گا ۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ دورانِ مجامعت پیار [illegible] زور سے کرتے رہیں اس طرح عورت جلد انزال ہو جاتی ہے ۔

ہمارے ہاں بعض بہت بے ہودہ اور تکلیف دہ طریقے ایجاد ہیں ۔ ٹانگیں اٹھانا ۔ میمی بنانا ۔ کروٹ سے لینا ۔ اوپر بٹھا کر لینا ۔ غرض کتنے ہی طریقے ہیں جن سے لذت حاصل کرنے کی بجائے عورت کو تکلیف ہوتی ہے ۔ بعض دفعہ تو عورت درد کی شدت کی وجہ سے رونا بھی شروع کر دیتی ہے ۔ اس لیے مجامعت کے لیے ایسا طریقہ اور آسن استعمال کرنا چاہیے جن سے فریقین خوش ہوں ، اور مجامعت کے بعد طبیعت خوش و خرم اور ہشاش بشاش ہو ۔ ایسے آسن اور طریقے کامیاب گھریلو زندگی کے لیے بہت ضروری ہیں ۔ بعض نوجوان مجامعت کے فن کو بھی فنِ پہلوانی سے تعبیر کرتے ہیں ، اور ان کا کہنا ہے کہ دشمن پر پورے زور شور سے ٹوٹ پڑنا چاہیے ۔ لیکن مجھے اس بات سے اختلاف ہے ۔ عورت

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

پھول ہے اور پھول کو مرجھانے نہیں دینا چاہیے۔ یہ کھلا ہوا ہی خوبصورت لگتا ہے۔ بہتر اور اچھا طریقہ یہ ہے کہ مجامعت کے دوران ہلکے ہلکے سٹروک لگائے جائیں، تاکہ تکلیف نہ ہو۔ بعض نوجوان زور زور سے سٹروک لگاتے ہیں۔ آہستہ اور ٹیکنیکی سٹروک لگانے سے عورت بہت لذت اُٹھاتی ہے اور انزال بھی جلد ہو جاتی ہے۔ اس لیے گھریلو اور خانہ دار خواتین سے ایسے طریقوں سے مجامعت کا کوئی فائدہ نہیں، بلکہ اُلٹا نقصان ہوتا ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

عورت

کتنی دیر مرد کے بغیر رہ سکتی ہے

ہمارے ہاں عورتوں سے متعلق بہت سی باتیں مشہور ہیں اور وہ تمام سینہ گزٹ کے طور پر صدری نسخوں کی طرح چلی آ رہی ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ عورت مرد کے بغیر ایک دن بھی نہیں رہ سکتی۔ کوئی کہتا ہے کہ عورت کو پرواہ بھی نہیں ہوتی۔ کوئی کہتا ہے کہ عورت میں شہوت مرد سے آٹھ گنا زیادہ ہوتی۔ کوئی کہتا ہے کہ عورت کسی طرح بھی سیر نہیں ہوتی۔ غرض یہ اور ایسی بہت سی باتیں سننے اور پڑھنے میں آتی رہتی ہیں۔ لیکن ان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی سائنس اور طب ان باتوں کو تسلیم کرتی ہے یہ باتیں کچھ اس طرح ذہنوں میں بیٹھ چکی ہیں کہ کوئی بھی اصل حقیقت کو جاننے کی کوشش نہیں کرتا۔ جہاں تک عورت کا مرد کے بغیر رہنے کا تعلق ہے تو وہ ہر عورت کے مزاج اور ماحول کی نسبت سے ہے۔

میں نے اس سلسلہ میں بہت سی پڑھی لکھی، ان پڑھ اور ملازمت پیشہ خواتین سے معلومات حاصل کیں۔ ایک دو باتیں سب میں مشترک تھیں۔ وہ عورت جو شادی شدہ ہو، وہ ایام سے ایک ہفتہ قبل اور ایام کے فوراً بعد ملاپ کے لیے بہت بے قرار ہوتی ہے۔ یہ زمانہ اس کے لیے

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اذیت ۔ بے قراری اور بے چینی کا زمانہ ہوتا ہے ۔

ایک تعلیم یافتہ خاتون نے دورانِ علاج بتایا کہ میری صحت بہت اچھی تھی۔ میری شادی ہوگئی۔ شادی کے بعد تین، چار، ماہ تک میاں کی قربت رہی۔ میاں ہر رات آخری رات سمجھ کر پیار کرتے اور اس طرح ٹوٹ کر پیار کرتے کہ میں نیم بیہوش ہو جاتی ۔ وہ رات میں تین چار دفعہ ملاپ کرتے اور ہر دفعہ اس طرح گرم کرتے کہ میرے پستانوں سے دھواں نکلنا شروع ہو جاتا۔ میں بے سدھ ہو کر لیٹ جاتی تو وہ اپنا عمل شروع کرتے میں چونکہ اس لذت سے واقف نہ تھی۔ پہلی دفعہ جب سہاگ رات میں انزال ہوئی تو بہت مزہ آیا۔ بس پھر کیا تھا۔ جوانی کے دن، جوانی کی راتیں ہر وقت یہی بھوت سوار رہتا۔ میاں رات کو مجھے سینے سے لگا کر سوتے اور میرا پستان ہاتھ میں پکڑے رکھتے۔ ابتدا میں مجھے یہ بات کچھ عجیب سی لگی لیکن جب میں اس طلسماتی عادت کا شکار ہوئی تو پھر دنیا کی ہر چیز حقیر نظر آنے لگی۔ ہر وقت میاں کے خواب اور خیال میں گم رہتی۔ اگر دن میں وقت ملتا تو پھر یہی عمل ہوتا۔

غرض اسی طرح چار ماہ گزر گئے۔ ان چار ماہ میں ایام حیض میں بھی وہ مجھے نہیں چھوڑتے تھے۔ چار ماہ کے بعد وہ بیرون ملک چلے گئے اور میری دنیا اندھیر ہو گئی

اس نے قسم کھا کر کہا کہ میں اکثر رات کو سونے سے پہلے بستر پر روتی رہتی تھی۔ کروٹیں بدلتی رہتی۔ اس طرح ڈیڑھ برس گزر گیا۔ میں اعصابی

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اور ذہنی مریض ہو گئی، اسی سلسلہ میں آپ کے پاس علاج کے لیے آئی ہوں۔
اس نے مزید بتایا کہ اب میرا جنسی ہیجان اور جذبہ ختم ہو چکا ہے۔ اب میں
صرف برف کی سِل ہوں۔

میں نے اسے مشورہ دیا کہ باہر سے اپنے میاں کو بلائیں۔ چنانچہ
اس کا میاں باہر سے آیا۔ وہ کئی ماہ تک اس میں وہی جذبہ ڈھونڈتا رہا
جو وہ چھوڑ گیا تھا، لیکن یہاں تو صرف بیکار روح تھی۔ کئی ماہ کی رفاقت
کے بعد اس میں جذبہ شہوانی اجاگر ہوا، پھر اس کے میاں کو ہدایت کی
کہ وہ اسے تنہا نہ چھوڑے، بلکہ اُسے ساتھ لے جائے۔ چنانچہ اس نے
ایسا ہی کیا، اور وہ اسے ساتھ لے گیا۔

قریباً تمام عورتوں نے یہ بات بتائی کہ اگر مرد زیادہ دیر تک نہ ملے تو
عورت اعصابی اور ذہنی مریض ہو جاتی ہے۔ وہ اپنے جذبات کو کچھ اس
طرح دباتی رہتی ہے کہ آخر ایک دن وہ خود دب جاتی ہے۔ بعض عورتوں
نے بتایا کہ چونکہ ہمارا خطہ گرم ہے۔ اس لیے یہاں لڑکیاں جلد بالغ ہو جاتی
ہیں اور ان میں گرمی بھی زیادہ ہوتی ہے۔ اس لیے شادی شدہ عورت زیادہ
سے زیادہ دو ماہ مرد کے بغیر نکالتی ہے۔ ویسے تو اس کے منہ پر چپ
کا تالا لگا ہوتا ہے، اور اگر وہ چاہے تو ساری عمر مرد کے بغیر گزار دے
س بات کی ہر عورت نے نفی کی ہے کہ اسے مرد کی پرواہ نہیں ہوتی بلکہ
نھوں نے اس بات کا اقرار کیا ہے کہ ہر عورت مرد کے بغیر نامکمل ہے۔
رت زندہ ہی مرد کے دم سے ہے۔ عورت میں جذبہ شہوانی تو موجود

ہوتا ہے لیکن شرم و حیا مانع ہوتی ہے۔

جہاں تک آٹھ گنا طاقت کا تعلق ہے وہ غلط ہے۔ کیونکہ آج تک کوئی بھی عورت کسی مرد کو زبردست پکڑ کر نہیں لے گئی، بلکہ مرد ہی زبردستی کرتا ہے۔

اگر مرد صحیح طور پر تندرست ہو۔ اس کے آلۂ تناسل میں پوری سختی ہو۔ سرعتِ انزال کا مریض نہ ہو تو عورت اس سے سیر ہو جاتی ہے

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

کن
حالتوں میں
مجامعت نہ کریں

وہ لوگ جو جنسی معلومات اور جنسی آسودگی کے لیے حکماً کے پاس آتے ہیں اور کامیاب زندگی گزارنے کے گُر اور طریقے پوچھ کر جاتے ہیں، لیکن وہ لوگ جو ذہنی اور جسمانی عیاشی کے لیے اور صرف اپنا کام نکالنے کے لیے مجامعت کرتے ہیں، وہ ہمیشہ پریشان اور مایوس رہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو وقت گزارنے کے بعد ہوش آتی ہے۔ حکماً ہمیشہ مریضوں کو اس بات کی ہدایت کرتے ہیں کہ :۔

۱ :۔ کھانے کے بعد مجامعت نہ کریں۔ جب تک کھانا ہضم نہ ہو جائے۔ ایسا نہ کرنے سے سرعت انزال کا مرض ہو جاتا ہے اور معدہ بھی کمزور پڑ جاتا ہے۔

۲ :۔ دن کے وقت بیوی سے مجامعت نہ کریں۔ اولاد بے شرم اور بے حیا پیدا ہو گی۔

۳ :۔ اگر سفر پر جانے کا ارادہ ہو تو مجامعت نہ کریں۔ اس طرح سے ارادہ کمزور ہو جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

۴ :- بخار - زکام - نزلہ - کھانسی اور دیگر تکلیفوں کی موجودگی میں مجامعت سے پرہیز کرنی چاہیے - مرض بڑھ جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔

۵ :- نشہ کی حالت میں ملاپ نہ کیا جائے - بیوی کو نفرت ہو جائے گی -

۶ :- اگر بیوی بیمار ہو - کمزور ہو - سوئی ہوئی ہو - طبیعت پریشان ہو - حیض میں ہو - نشے میں ہو - تھکی ہوئی ہو یا وہ مجامعت کے لیے راغب نہ ہو تو اس سے مجامعت نہ کریں - وہ آپ کو لذت دے کر خوش نہ کر سکے گی -

۷ :- گھر میں مہمان ہوں یا جگہ کی کمی ہو یا کسی بھی قسم کی افراتفری میں مجامعت نہیں کرنی چاہیے - اس سے بیوی کی ناراضگی بڑھ جاتی ہے -

۸ :- بدشکل - غلیظ - گندی - آوارہ - پیشہ ور اور متعدی امراض میں مبتلا عورت سے نہیں ملنا چاہیے - کیونکہ سوزاک اور آتشک کا خطرہ ہوتا ہے -

۹ :- سفر سے آنے کے فوراً بعد - غم و غصہ ، رنج و فکر یا نیند کی حالت میں مجامعت نہ کریں - اعصاب چونکہ متاثر ہوتے ہیں اس لیے جلد انزال ہو جاتا ہے -

۱۰ :- بہت بڑی یا بہت چھوٹی عمر کی عورت سے مجامعت نہ کریں - ہر دو میں نقصان اٹھانا پڑتا ہے -

۱۱ :- پیشہ ور اور نشہ باز عورتوں سے نہیں ملنا چاہیے کہ یہ زندگی

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

کو روگ لگا دیتی ہیں ۔ پیشہ ور سے سوزاک ۔ آتشک اور نشہ باز
سے نشہ لگ جاتا ہے ۔

۱۲ ۔ ٹی ۔ بی اور دیگر متعدی امراض کی عورتوں سے نہیں ملنا چاہیے
کہ یہ بیماریاں چھوت سے لگ جاتی ہیں ۔ اس لیے ان سے
پرہیز بہت ضروری ہے ۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

مرد کیوں اِدھر اُدھر مُنہ مارتے ہیں

عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ شادی شدہ مرد جنسی تسکین کے لیے ادھر اُدھر مُنہ مارتے رہتے ہیں۔ اس وجہ سے گھریلو زندگی بے سکون اور بے آرام ہو جاتی ہے۔ ہر وقت گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہے اور روز بروز اس معاملہ میں شدت بڑھتی رہتی ہے۔ حتیٰ کہ بعض اوقات علیحدگی بھی ہو جاتی ہے۔ کوئی عورت اس نازک اور اہم مسئلہ پر سوچنے کے لیے تیار نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ مرد کو اس کا ذمّہ دار قرار دیتی ہے اور وہ ان عوامل پر غور نہیں کرتی جن سے بھاگ کر مرد اِدھر اُدھر مُنہ مارنے لگتا ہے میرے خیال میں کوئی بھی باشعور اور سمجھدار مرد گھر کا سکون برباد کرنے کو تیار نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی کو شوق ہوتا ہے کہ اس کی راتوں کی نیند اور دن کا چین لُٹ جائے۔ لیکن کچھ گھریلو حالات ایسے موڑ پر لا کر کھڑا کر دیتے ہیں جہاں اس کے سوا چارہ نہیں ہوتا کہ مرد باہر ہی سکون اور پیار تلاش کرے۔ انسان فطرتاً محبت اور پیار کا بھوکا ہے۔ اسے یہ چیزیں جہاں

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

سے ملتی ہیں وہیں کا ہو کر رہ جاتا ہے۔ گھر سے بھاگنے میں عورت کا کردار سب سے اہم ہوتا ہے۔

میں ذاتی طور پر ایک ایسے شادی شدہ نوجوان دوست کو جانتا ہوں، جو پڑھا لکھا۔ خوش شکل اور ایک ذمہ دار عہدے پر کام کر رہا ہے۔ بیوی بھی ملازمت پیشہ ہے۔ وہ نوجوان صبح ناشتہ بھی بازار سے کرتا ہے اور کھانا بھی اکثر اوقات بازار سے ہی کھا کر جاتا ہے۔ بیوی اس پر اس طرح حکم چلاتی ہے جس طرح مجازی خدا کم اور ملازم زیادہ سمجھتی ہے۔ ہر وقت اس پر ڈیمانڈز کا بوجھ لادے رکھتی ہے۔ شریف اور ذمہ دار ہونے کی وجہ سے وہ اس کی شرافت کو کمزوری سمجھتی ہے۔ یہ شریف آدمی اپنے دوستوں کو بھی اپنے حالات بتاتا رہتا ہے۔

کسی دوست نے مشورہ دیا کہ تم متبادل بندوبست کر لو۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ گھر میں دلچسپی کم کر دی۔ بیوی کو میکے بھیج کر خود اس نے ایک اور جگہ رہائش اختیار کر لی۔ اب بیوی کی آنکھ کھلی تو پانی سر سے گزر چکا تھا۔ بیوی نے میاں کے متعلقہ دوستوں سے رابطہ قائم کیا لیکن اسے ہر جگہ مایوسی ہوئی۔ آج تک وہ معاملہ اٹکا ہوا ہے۔

یہاں اس واقعہ کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ مرد کو صرف پیسے بنانے والی مشین نہیں سمجھنا چاہیے۔ بلکہ دن بھر کا تھکا ماندہ جب گھر لوٹے تو اُسے سکون اور راحت ملے۔ اگر بیوی آتے ہی لڑنا شروع کر دے تو دونوں کا چین اور سکون اُجڑ جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

ایک اچھی گھریلو اور وفا شعار بیوی کا فرض ہے کہ وہ میاں کے آرام و سکون کا خیال رکھے۔ اس کی صحت کا خیال رکھے۔ اس کے دکھ سکھ اور اچھے برے دونوں میں ساتھ رہے۔ بعض خواتین جب ناراض ہوتی ہیں تو ان کے پاس سب سے مؤثر ہتھیار جنسی بائیکاٹ ہوتا ہے۔ بعض اوقات مہینوں ملاپ کے لیے تیار نہیں ہوتیں۔ مرد اس بات سے چڑ جاتا ہے۔ اس لیے اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ مرد پیار کے دو بول کا بھوکا اور پیاسا ہوتا ہے۔ عورت اگر جی بھر کر مرد سے پیار کرے تو کیا مجال کہ مرد اِدھر اُدھر دیکھے۔ یہ حقیقت ہے کہ مرد اور عورت گھر کے دو پہیئے ہوتے ہیں۔ جب تک دونوں پہیئے متحرک نہ ہوں تب تک نظام نہیں چلتا۔ عورت کی تھوڑی سی قربانی سے گھر میں رونق آجاتی ہے۔ اور اس کی تھوڑی سی ناراضگی سے گھر کا سکون الٹ پلٹ جاتا ہے۔

گھر دراصل عورت کا ہوتا ہے مرد صرف پہرے دار اور وسیلہ ہوتا ہے۔ اس لیے اصل بات کا خیال رکھنا کہ گھر کا نظام ٹھیک رہے، یہ عورت کے ہاتھ میں ہے۔ کوئی بھی مرد، شریف۔ اچھی۔ سمجھدار۔ پاکباز اور میاں کی وفادار، عورت کو چھوڑنے کے لیے تیار نہیں ہوتا۔ اس لیے ایسے حالات پیدا نہیں کرنے چاہییں جس سے گھر کا سکون لٹ جائے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

عورت
کیوں باغی ہوتی ہے ؟

ہمارے مشرقی رسم ورواج میں اب بھی طلاق کو بہت بُرا اور معیوب سمجھا جاتا ہے۔ میرے خیال میں کوئی بھی عورت آسانی سے طلاق کے لیے تیار نہیں ہوتی۔ بعض اوقات ہنستا بستا گھر غلط فہمیوں کا شکار ہو جاتا ہے اور علیحدگی ہو جاتی ہے۔

عورت بہت کم بغاوت پر اترتی ہے۔ جب اُتر آئے تو پھر خونخوار شیرنی کی طرح جھپٹتی ہے۔ ایک دم بے عزتی کر دینا۔ گالی گلوچ اور طعنے دینا اس کی عادت ہو جاتی ہے۔ بعض عورتیں طبعاً تیز مزاج ہوتی ہیں، لیکن وہ میاں کی فرمانبردار اور وفادار ہوتی ہیں۔ شادی کے بعد عورت میاں کو اپنے جسم کا ایک حصہ سمجھتی ہے اور کسی وقت بھی اسے اپنے سے جُدا نہیں کرنا چاہتی اور نہ ہی کسی عورت کے ساتھ اسے دیکھ سکتی ہے۔ ایسی عورتوں کے خاوند جب رات گئے تک گھر واپس نہیں آتے یا شراب اور جوار کے عادی ہو جاتے ہیں۔ بیوی کی طرف سے توجہ کم کر لیتے ہیں۔ اس کے کھانے پینے۔ رہنے سہنے اور پہناوے وغیرہ سے جب کوئی دلچسپی نہیں رہتی تو بیوی کا سوچ کا

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

اندازبدلنا شروع ہو جاتا ہے۔ جب میاں باہر عورتوں سے ملنا شروع کردیتا ہے تو بیوی کو اس کی خوشبو آجاتی ہے۔ اور وہ بتادیتی ہے کہ اب آپ باہر عورتوں سے ملتے ہیں۔

عورت ، بھوک ، تنگی ترشی ۔ لڑائی مارکٹائی سب کچھ برداشت کرلیتی ہے ، لیکن سوکن کو برداشت کرنا اس کے حوصلے اور سرشت میں نہیں ۔ ایسی عورتیں پھر بدتمیزی اور بغاوت پر اتر آتی ہیں ۔ پھر گھر کے سکون کا وہ بھی خیال چھوڑ دیتی ہیں ۔ اور پھر ایک ہنستا بستا گھر اداس اور ویران ہو جاتا ہے ۔ اس میں سراسر مرد کی بے رخی اور آوارگی کو دخل ہوتا ہے ۔ وہ اپنی عیاشی کے لیے باہر وقت اور پیسہ ضائع کرتا ہے ، اور گھر کا سکون برباد کرلیتا ہے ۔ اس طرح وہ چکی کے دو پاٹوں کے درمیان پس جاتا ہے ۔ زندگی ہر وقت عذاب میں مبتلا رہتی ہے

ایک اچھے اور سمجھدار ، باوفا خاوند کا فرض ہے کہ وہ بیوی کے ہر قسم کے آسائش کا خیال رکھے ۔ اسے کسی تکلیف میں مبتلا دیکھے تو خود اس میں مبتلا ہو جائے ۔ اس کے ہر دکھ تکلیف کو اپنا دکھ تکلیف سمجھے ۔ اس کی خواہشات کو حتی المقدور پورا کرنے کی کوشش کرے ۔ اس کے والدین اور رشتہ دار کو اچھا سمجھے ۔ اس کے حسن کی تعریف کرے اور اس کی پسند کی داد دے ۔ رات کو اپنی آغوش میں سلائے اور خوب جی بھر کر پیار کرے تاکہ اس میں تشنگی کا احساس نہ رہے ۔

اس کی جنسی تسکین کا بھی خاص خیال رکھنا چاہیے۔ عورت
کے لیے کبھی کبھی گھر آتے وقت کوئی تحفہ بھی لے کر آنا چاہیے
عطریات اور خوشبویات عورت کی کمزوری ہے۔ اس کی اس کمزوری
سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

بعض عورتیں خوشامد پسند ہوتی ہیں۔ گھر کے سکون کے لیے ایسے
دو بول بھی کہہ دینے چاہییں، جس سے اس کی انا کی تسکین ہو جائے
اور وہ موڈ میں آجائے۔

خدا نے عورت کو مرد کی پیشانی سے پیدا نہیں کیا کہ وہ اس پر حکومت
کرے اور نہ ہی پاؤں سے پیدا کیا ہے کہ وہ اس کی جوتی کے برابر ہو
بلکہ اس کی پسلی سے پیدا کیا ہے تاکہ وہ اس کے دل کے قریب ہو۔
چونکہ یہ پسلی سے پیدا کی گئی ہے، اس لیے پسلی کی طرح ٹیڑھی
اور اگر اسے سیدھا کرنے کی کوشش کی جائے تو پھر اس کے ٹوٹنے
کا خطرہ ہے، بلکہ ٹوٹ جاتی ہے۔ لہٰذا مرد کو چاہیے کہ وہ اس کے
ٹیڑھے پن کو سیدھا نہ کرے بلکہ اس پر پیار و محبت سے ہاتھ پھیر
کر نرم کر لیا کرے ــــ یہی خوش و خرم اور پُرسکون زندگی گزارنے
کا راز ہے۔

Scanned by CamScanner

Scanned with CamScanner

مؤرخ اسلام **مولانا صادق حسین صدیقی** سردھنوی

کا تاریخی اسلامی ناول

فتح بیت المقدس
شہزادہ خضر خاں
عجیب جنگ
حور عرب
جنگ اصفہان
بت شکن
دوشیزہ کابل
فتوح العجم
سلطان فیروز شاہ تغلق
عروس بغداد
جوش جہاد
حور مراکش

سعید و فلپانہ
نازنین عرب
افریقہ کی دلہن
صاعقہ
بنت صلیب
عربی دوشیزہ
فتح کابل

اسلم راہی ایم، اے

مقدس دیوداسی
آشیانوں کے متلاشی
رقص درویش

ملنے کا پتہ

شاہد بک ڈپو، اردو بازار جامع مسجد دہلی ۶...۱۱

Rs. 20.00